Erum Asif

# WE LEARN ENGLISH

دوزبانی رہنمائے اساتذہ Bilingual Teaching Guide

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

2

# Contents


| | | |
|---|---|---|
| Unit 1 | School activities | 2 |
| Unit 2 | A day with Neha | 16 |
| Unit 3 | The race | 30 |
| Review Test 1 | Answer key | 38 |
| Unit 4 | Colours | 40 |
| Unit 5 | The Earth is sad | 50 |
| Unit 6 | My diary | 62 |
| Review Test 2 | Answer key | 72 |
| Unit 7 | Letter from Murree | 74 |
| Unit 8 | Going places | 84 |
| Unit 9 | Hurray for Nasir! | 94 |
| Review Test 3 | | 100 |
| Assessment | | 102 |
| Worksheets | | 106 |
| Answer key | | 113 |

# Introduction

Teaching Guide 1 – 8 have been designed to support teachers using *We Learn English* textbooks 1 – 8. The primary objective of these guides is to assist teachers in planning their lessons in a way which allows them to achieve their learning objectives in a fun and interactive classroom environment. The guide contains individual teaching sessions offering a wide variety of approaches to learning and teaching.

**The Teaching Guide offers:**

- Objectives and Learning Outcomes

  These help both teachers and students focus at imparting and acquiring the concepts and skills being taught.

- Teaching methodology

  Lesson plans are explained in an easy manner. They aim at providing students with ample opportunities to interact with the language meaningfully in order to achieve the learning outcomes. Teacher demonstrations along with shared reading and shared writing are a prominent feature of many suggested lesson plans. A wide variety of whole class, group, pair, and individual tasks are also set which involve reading, writing, speaking, and listening actively.

- Suggested lesson outlines

  The suggested lesson outline breaks up the lesson into easy-to-follow stages, each with its own estimated time slot.

- Extended activities

  Picture flashcards, vocabulary cards, stories, songs, role plays, puzzles, and question and answer sessions cater to a wide variety of learning styles. Children practice skills and concepts in ways which make learning fun and interactive.

- Additional worksheets

  Additional worksheets act as useful classroom tools to provide further practice and help students become active English-language learners.

A wide range of abilities, interests, and motivation exist in the average classroom. It is not realistic or practical, therefore, to stick rigidly to any lesson plan or activity outlined within. All the suggestions in this guide, therefore, allow flexibility and may be adapted depending on the individual classroom situation.

The English portion of this teaching guide has been updated with reference to updates in the book (We Learn English Book 2) for alignment with Single National Curriculum 2020. Urdu section will be updated accordingly later.

# تعارف

رہنمائے اساتذہ 1 تا 8 ''وی لرن انگلش'' (We Learn English) کی آٹھ درسی کتب کو پڑھانے میں اساتذہ کی معاونت کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ اس رہنمائے اساتذہ کا بنیادی مقصد اساتذہ کی تدریس کے لیے ایسا لائحہ عمل اپنانے میں مدد کرنا ہے جس کے ذریعے وہ کمرۂ جماعت کے ماحول کو بوجھل بنائے بغیر بچوں سے ہلکی پھلکی بات چیت کر کے سبق کے اہداف حاصل کر سکیں۔ اس رہنمائے اساتذہ میں تدریس کے انفرادی طریقے بھی بتائے گئے ہیں اس کے علاوہ اساتذہ کے لیے درس و تدریس کے مختلف طریق کار بھی پیش کیے گئے ہیں۔

## رہنمائے اساتذہ میں شامل ہیں:

- مقاصد اور نتائج

یہ رہنمائے اساتذہ ان تصورات اور مہارتوں پر توجہ مرکوز رکھنے میں اساتذہ اور طلبا دونوں کی مدد کرے گی جو سکھائے اور سیکھے جا رہے ہیں۔

- سبق پڑھانے کا مجوزہ طریقہ کار

اساتذہ کو اسباق پڑھانے کے طریقوں کی آسان انداز میں وضاحت کی گئی ہے۔ ان کا مقصد طلبا کو ایسے مواقع فراہم کرنا ہے کہ وہ زبان کو بامعنی طریقے سے استعمال کر سکیں تاکہ تدریس کے بھرپور نتائج حاصل ہو سکیں۔ اسباق پڑھانے کے مجوزہ طریقوں کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اساتذہ نہ صرف بچوں کے سامنے عملی مظاہرہ کریں گے بلکہ وہ بچوں کی ایک ساتھ مل کر بلند آواز میں پڑھنے یا بلند خوانی کرنے اور مشترکہ طور پر لکھائی کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ اس کے علاوہ پوری کلاس، گروہ یا ٹولی، جوڑے کو یا طلبا کو انفرادی سطح پر پڑھنے، لکھنے، بولنے، اور سننے جیسی سرگرمیوں میں حصہ لینا ہوگا۔

- سبق کا مجوزہ خاکہ

سبق کا مجوزہ خاکہ ہر سبق کو آسان مراحل میں تقسیم کرتا ہے، ہر مرحلے کی تکمیل کے لیے مقررہ مدت دی گئی ہے۔

- توسیعی سرگرمیاں

تصویری فلیش کارڈز، ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز، کہانیاں، گیت، اداکاری، پہیلیاں اور سوال جواب کی نشست، سیکھنے کے عمل میں وسیع تنوع پیدا کرتے ہیں۔ بچے سکھائی جانے والی انگریزی کی استعداد اور مختلف چیزوں کے بارے میں پیش کیے جانے والے تصورات اور ان پر ہونے والی بات چیت کے دوران مزے مزے میں بہت سی باتیں سیکھتے ہیں۔

- اضافی ورک شیٹس

اضافی ورک شیٹس کمرۂ جماعت کی مفید چیز ہیں جن سے بچے مزید مشق کرتے ہیں اور یہی انہیں فعال طریقے سے انگریزی سیکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ ایک عام کمرۂ جماعت میں مختلف صلاحیتوں، دلچسپیوں اور ترغیبات کے حامل طلبا موجود ہوتے ہیں۔ اس لیے کسی سبق کو پڑھانے کے لیے اس میں دی گئی کسی سرگرمی پر سختی سے کاربند رہنا حقیقت پسندانہ یا عملی سوچ نہیں ہے چنانچہ اس رہنمائے اساتذہ میں جو تجاویز دی گئی ہیں، ان پر سختی سے عمل کرنے کے بجائے ان میں کمرۂ جماعت کی صورتحال کے مطابق ردوبدل کی گنجائش موجود ہے۔

## LESSON 1

**OBJECTIVES:**

- To understand the use of capital letters for beginning sentences and proper nouns
- To use punctuation marks— full stops, question marks, exclamation marks, and commas correctly

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- understand the importance of punctuation in writing.
- understand the use of capital letters and some common punctuation marks such as the full stop, question mark, exclamation mark, and comma.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Chart papers to create a punctuation poster
- Copies of **Worksheet 2**

**METHOD:**

- **Introduction:** Draw a simple illustration on the board. Draw two stick figures one of a boy and the other of a girl. Write ‘Nasir’ and ‘Neha’ beneath the stick figures. Make a speech bubble above each stick figure. Write within the speech bubble for Nasir: ‘Don’t! Go away!’ Write within the speech bubble for Neha: ‘Don’t go away.’ Ask your class whether Nasir and Neha mean the same thing. Point out that although they say the same words they mean something completely different. Maybe one of Nasir’s friends is annoying him and he wants them to stop annoying him and go away. That is why he says, ‘Don’t! Go away!’ Maybe one of Neha’s friends is leaving and she does not want them to go away, that is why she tells them, ‘Don’t go away.’ Explain that punctuation marks help give meaning to our writing.
- **Quiz time:** Read the given questions. Write down the questions on the board and let volunteers write down the answers. Ask students then to volunteer to underline all the capital letters on the board. Next, ask them to look at the questions and answers on the board carefully and point out where capital letters have been used and why. Ask them to note that capital letters have been used:
  - at the beginning of sentences
  - for the letter ‘I’
  - for the names given to people and places
  - and, finally, for the names of days and months.

# کسوٹی کا وقت

## سبق 1

### مقاصد :

- جملے اور اِسم معرفہ (Proper Nouns) لکھنا شروع کرنے سے پہلے بڑے حروف (Capital letters) کا استعمال سمجھنا۔
- عبارتوں میں لگائے جانے والے اوقاف کے نشانات (Punctuation marks)۔فل اسٹاپ (ختمہ)، سوالیہ نشان، کوئی بات زور دے کر کہنے یا حیرت کے لیے استعجابیہ نشان اور کاما (وقفہ) کا درست استعمال۔

### نتائج :

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ :

- تحریر یا عبارت میں اوقاف کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- وہ بڑے حروف اوقاف کے بعض عام نشانات جیسے فل اسٹاپ (ختمہ)، سوالیہ نشان، کوئی بات زور دے کر کہنے یا پکار، نعرے اور للکار کا استعجابیہ نشان، اور کاما (وقفہ) کا استعمال سمجھ سکیں۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا :

- اوقاف کے نشانات کا پوسٹر بنانے کے لیے چارٹ کا کاغذ۔
- ورک شیٹ 2 کی نقول۔

### طریقۂ کار :

- **تعارف :** تختۂ سیاہ پر ایک لڑکے اور ایک لڑکی کا ساکت خاکہ بنائیں۔ ان خاکوں کے نیچے ’’ناصر‘‘ اور ’’نیہا‘‘ لکھیے۔ ہر خاکے کے اوپر گفتگو کے حلقے بنا کر لکھیے:.Don't go away۔ جماعت سے پوچھیے کہ کیا ناصر اور نیہا کی بات کا مطلب ایک ہے۔ اگرچہ دونوں نے ایک جیسے الفاظ ادا کیے ہیں۔لیکن ان کا مطلب بالکل مختلف ہے۔ ہوسکتا ہے کہ ناصر کا کوئی دوست اسے ستا رہا ہو اور ناصر چاہتا ہو کہ وہ اسے نہ ستائے اور چلا جائے۔ لہٰذا وہ کہتا ہے: !Don't! go away۔ ہوسکتا ہے کہ نیہا کا کوئی دوست یا سہیلی اسے چھوڑ کر جارہی ہو اور نیہا چاہتی ہو کہ وہ نہ جائے۔ لہٰذا وہ کہتی ہے! Don't go away ۔ وضاحت کریں کہ اوقاف کے نشانات ہماری تحریر کو معنی دینے میں مددگار ہوتے ہیں۔
- **کسوٹی کا وقت (صفحہ 8) :** دیے گئے سوالات پڑھیے اور تختۂ سیاہ پر لکھیں پھر طلبا کو ان کے جوابات لکھنے کا موقع دیجیے۔طلبا سے کہیے کہ وہ آ کر تختۂ سیاہ پر موجود بڑے حروف کے نیچے لکیر کھینچیں۔ پھر ان سے کہیے کہ وہ تختۂ سیاہ پر موجود سوالات اور جوابات کو دیکھ کر بڑے حروف کی نشاندہی کریں اور یہ بتائیں کہ انھیں وہاں کیوں استعمال کیا گیا ہے۔طلبا بتائیں کہ بڑے حروف اس وقت استعمال کیے جاتے ہیں جب:
- جملہ شروع کیا جاتا ہے۔
- حرف ’’I‘‘ لکھنا ہوتا ہے۔
- لوگوں اور مقامات کے نام لکھنے ہوتے ہیں۔
- اور آخری نکتہ، جب دنوں اور مہینوں کے نام لکھنے ہوتے ہیں۔

Write down a few sentences on the board and then ask the students to mark the letters which have to be written in capital. For example:

nasir and neha went to tariq road on saturday.
quetta is quite cold in december.
ahmed and i love to play cricket together.

- **Punctuation Chart:** Teacher can draw the following punctuation marks and in bold letters write the slogans accompanying them. This chart can be displayed on the soft board.

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | ● | I am a full stop. I come at the end of each statement. |
| **2.** | **?** | I am a question mark. I come at the end of each question. |
| **3.** | **!** | I am an exclamation mark. You may also call me an excitement mark. I come at the end of sentences which show strong emotions or give commands. |
| **4.** | **,** | I am a comma. I am used to separate a list of words. |

- **Reading:** Ask students to read this page.
- **Writing time:** Students to complete exercises given on these pages.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction**: Explain the importance of punctuation marks. | 10 min |
| 2. | **Capital letters:** Students understand the use of capital letters and work in pairs to practice using capital letters. | 10 min |
| 3. | **Punctuation marks:** Students are introduced to the four basic punctuation marks using a punctuation poster. | 10 min |
| 4. | **Writing time:** Students apply the rules learned about punctuation by completing the given exercises. | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**
Ask students to read unit 2 again. Then mark all the words that begin with a capital letter. Discuss why these words begin with a capital letter.
You may also make copies of **Worksheet 2** for further practice.

تختۂ سیاہ پر مثال کے طور پر چند جملے لکھیے اور پھر ان حروف کی نشان دہی کریں جنھیں بڑا لکھنا چاہیے تھا۔ مثال کے طور پر :

nasir and neha went to tariq road on saturday.
quetta is quite cold in december.
ahmed and i love to play cricket together.

- **اوقاف کے نشانات کا چارٹ :** استاد اوقاف کے درج ذیل نشانات بنا سکتے ہیں اور ان کے ساتھ موجود نعرے جلی حروف میں لکھے جا سکتے ہیں۔ یہ چارٹ دکھانے کے لیے سافٹ بورڈ پر لگایا جا سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | ۔ | میں ایک فل اسٹاپ (ختمہ) ہوں۔ میں ہر بیان کے اختتام پر آتا ہوں۔ |
| 2۔ | ؟ | میں سوالیہ نشان ہوں۔ میں ہر سوال کے اختتام پر آتا ہوں۔ |
| 3۔ | ! | میں پکار، نعرے اور للکار کا استعجابیہ نشان ہوں۔ آپ مجھ جوش و جذبے کا نشان بھی کہہ سکتے ہیں۔ میں ان جملوں کے آخر میں آتا ہوں جو طاقتور جذبات یا کسی کو حکم دینا ظاہر کرتے ہیں۔ |
| 4۔ | ، | میں کاما (وقفہ) ہوں۔ میں کئی الفاظ میں سے ہر ایک کو دوسرے سے علیحدہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہوں۔ |

- **پڑھنے کی مشق (صفحہ 9) :** طلبا سے کہیں کہ وہ یہ صفحہ پڑھیں۔
- **لکھنے کی مشق (صفحہ 8، 9 اور 10) :** طلبا ان صفحات پر دی گئی مشقیں مکمل کریں گے۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ) :

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف :** اوقاف کی اہمیت واضح کریں۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **بڑے حروف :** طلبا بڑے حروف کا استعمال سمجھیں گے اور بڑے حروف کے استعمال مشق کرنے کے لیے جوڑی کی شکل میں کام کریں گے۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **اوقاف کے نشانات :** اوقاف کا پوسٹر استعمال کر کے طلبا کو اوقاف کے چار بنیادی نشانات سے متعارف کرایا جائے گا۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **لکھنے کا وقت :** طلبا اوقاف کے بارے میں سمجھائے گئے اصولوں کا اطلاق صفحہ 9 اور 10 پر موجود مشقیں مکمل کرنے کے دوران کریں گے۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں :

سرگرمی کا وقت ۔ طلبا سے کہیں وہ یونٹ 2 دوبارہ پڑھیں ۔ پھر ان تمام الفاظ کی نشاندہی کریں جو بڑے حروف سے شروع ہوتے ہیں۔ اس بات پر گفتگو کریں کہ یہ الفاظ بڑے حرف سے کیوں شروع ہوتے ہیں۔ اوقاف کی مزید مشق کرنے کے لیے آپ ورک شیٹ 2 کی نقول بنا سکتے ہیں۔

## LESSON 2

**OBJECTIVES:**

- To use and respond to simple sentences showing commands, and requests
- To write sentences of different types

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- understand the difference between commands and requests.
- make different kinds of sentences: statements, questions, commands, and requests.

**METHOD:**

- **Introduction and explanation:** Introduce your class to the four different types of sentences. Write the following on the board: statement, question, command, and request.

  Ask the class what they think a statement is. After listening to their responses, explain that a statement is a kind of sentence that tells something. It always ends with a full stop. Remind your class that a full stop is a punctuation mark that looks like a dot and always comes at the end of a complete idea or thought. Write several examples of statements on the board.

  **e.g. T**he dog barked loudly**. - T**he little boy sang**. - M**y toy car broke**. - M**y dress is pretty**. - T**he sky is blue**. - C**ats eat rats**.**

  Next, ask the class, 'What is a question?' After eliciting answers from them, explain that a question is a type of sentence that asks something. A question mostly begins with who, what, where, when, or how and ends with a question mark. Ask the students to think of different questions and write them on the board. Read the questions out loud to show that questions are asked in a different tone.

  Point to a student and say, 'Stand up.' After the student stands up, point out that the sentence 'stand up' is a command. A command is a type of sentence that gives a direction or an order to do something. Ask students to think of some commands they might have heard in school or in town. For example:

  'Walk in a line.'
  'Maintain silence.'
  'Beware of dogs!'
  'Danger!'
  'Fragile. Do not touch.'

## سبق 2

### مقاصد :

- حکم دینے اور درخواست کرنے کو ظاہر کرنے والے سادہ جملے استعمال کرنا اور ان کا جواب دینا۔
- مختلف اقسام کے جملے لکھنا۔

### نتائج :

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ :

- حکم اور درخواست کے درمیان فرق سمجھ سکیں۔
- وہ مختلف اقسام کے جملے بنا سکیں ۔ جیسے بیانیہ، سوالیہ، حکمیہ اور درخواست گزاری کے جملے ۔

### طریقۂ کار :

- **تعارف اور تشریح :** اپنی جماعت کو چار مختلف اقسام کے جملوں سے متعارف کرائیے ۔ درج ذیل الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھیے ۔ بیان (statement)، سوال (question)، حکم (command) اور درخواست (request)۔

طلبا سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں بیان کیا ہوتا ہے۔ جوابات سننے کے بعد وضاحت کریں کہ کوئی بیان جملے کی ایک قسم ہے جو کچھ بتاتا ہے یا کہتا ہے۔ اس کے آخر میں ہمیشہ ختمہ لگایا جاتا ہے۔ اپنی جماعت کو یاد دلائیے کہ ختمہ ، اوقاف کا ایک نشان (Punctuation mark) ہوتا ہے جو نقطے کی طرح لگتا ہے اور ہمیشہ کوئی خیال یا فکر کے اختتام پر لگایا جاتا ہے۔ تختۂ سیاہ پر بیانات کی چند مثالیں لکھیے ۔

**T**he dog barked loudly. - **T**he little boy sang. - **M**y toy car broke.

**M**y dress is pretty. - **T**he sky is blue. - **C**ats eat rats.

اب جماعت سے پوچھیے کہ ”سوال کیا ہوتا ہے؟“ جوابات سامنے آنے کے بعد تشریح کیجیے کہ سوال ، ایک قسم کا جملہ ہوتا ہے جس کے ذریعے کچھ پوچھا جاتا ہے۔ کوئی سوال زیادہ تر کون ، کیا ، کہاں ، کب اور کیسے سے شروع ہوتا ہے اور اس کے آخر میں سوالیہ نشان لگا ہوتا ہے۔ طلبا سے کہیں کہ وہ مختلف سوالات سوچیں اور انھیں بورڈ پر لکھیں۔ یہ دکھانے کے لیے کہ سوالات مختلف لب و لہجے میں پوچھے جاتے ہیں ، انھیں با آواز بلند پڑھیے۔

کسی طالب علم کی طرف اشارہ کرکے کہیے ”کھڑے ہو جایئے“ (Stand up)۔ جب وہ کھڑا ہوجائے تو یہ نشاندہی کریں کہ جملہ ”کھڑے ہو جایئے“ ایک حکم ہے ۔ حکم دراصل جملے کی ایک قسم ہے جس کے ذریعے کچھ کرنے کے لیے ہدایت یا حکم دیا جاتا ہے۔ طلبا سے کہیں کہ وہ کچھ ایسے احکامات کے بارے میں سوچیں جو انھوں نے اسکول یا اپنے شہر میں سنے ہوں۔ مثلاً

"Walk in a line."
"Maintain Silence."
"Beware of dogs!"
"Danger!"
"Fragile. Do not touch."

Ask the students what might be the difference between a request and a command. If we add *please* at the beginning of a sentence, asking someone to do something, we are making a request. For example: 'Please be careful.' Ask students to come up with their own requests.

- **Sentence activity**: Read out different kinds of sentences to your class. Ask them to stand up if it is a simple statement; if it is a question, they must look confused and puzzled and reply, 'I do not know'; if it is a command, they must raise their hands and say aloud, ' Yes Teacher'; finally, if it is a request they must nod and say, 'Of course, no problem.' Read the following sentences one by one, giving them time to react:

  It is cold today. – When will she arrive? – (You) Sit down. – Where are my pens? – Close the door. – The sky is blue. – Why are you laughing? – Stop talking. – Is your room clean? - English is fun.
- **Reading and writing:** Read the commands and requests on to recap the concepts taught. Next, ask your students to complete exercises**.**

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction and explanation:** Explain the four different types of sentences with the help of examples. | 20 *min* |
| 2. | **Sentence activity:** Students practice identifying different types of sentences in a fun activity. | 10 min |
| 3. | **Reading and writing:** Students read further examples of commands and practice constructing different types of sentences. | 10 min |

## LESSON 3

**OBJECTIVES:**

- To recite poems with actions
- To identify rhyming words

**LEARNING OUTCOMES:**

- By the end of this lesson, students should be able to understand what rhyming words are, identify words that rhyme, and recite poems with appropriate actions.

**METHOD:**

- **Introduction:** Start the lesson by asking students whether they remember any nursery rhymes. Recite the following nursery rhymes aloud, stopping right before a rhyming word to allow the students to fill it in.

طلبا کو بتایئے کہ کسی حکم اور درخواست کے درمیان کیا فرق ہوتا ہے۔ اگر کوئی ایسا جملہ ہو جس میں کسی سے کچھ کرنے کے لیے کہا گیا ہو تو اس کے آغاز میں ''برائے مہربانی'' (Please) کا اضافہ کر دینے سے وہ ہماری جانب سے ایک درخواست ہوجاتی ہے۔ مثلاً ''برائے کرم محتاط رہیے'' (.Please be careful)۔ طلبا سے کہیے کہ وہ درخواست والے کچھ جملے خود بنائیں۔

- **جملوں والی سرگرمی:** اپنی جماعت کو مختلف اقسام کے جملے پڑھ کر سنایئے ، ان سے کہیے کہ اگر جملہ سادہ بیان ہو تو وہ کھڑے ہوجائیں ، اگر وہ سوال ہو تو انہیں لازماً غیر یقینی صورتحال اور خلفشار کا شکار نظر آنا چاہیے اور یوں جواب دینا چاہیے "I do not know" ۔ اگر وہ حکمیہ جملہ ہو تو انھیں لازماً اپنے ہاتھ بلند کرکے بلند آواز سے کہنا چاہیے "Yes Teacher"۔ اگر وہ جملہ درخواست ہو تو انھیں تھوڑا جھک کر کہنا چاہیے "Of course, no problem." ۔ درج ذیل جملے پڑھیں تا کہ طلبا کو اپنا ردعمل ظاہر کرنے کے لیے وقت مل سکے۔

It is cold today. When will she arrive? (You) Sit down. Where are my pens? Close the door. The sky is blue. Why are you laughing? Stop talking. Is your room clean? English is fun.

- **پڑھنے اور لکھنے کی مشق (صفحہ 10، 11):** پڑھائے گئے تصورات دہرانے کے لیے احکامات اور درخواستیں پڑھیں پھر طلبا **مشق E** مکمل کریں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف اور وضاحت:** مثالوں کے ذریعے چار اقسام کے جملوں کی تشریح کیجیے۔ | 20 منٹ |
| 2۔ | **جملوں کی سرگرمی:** طلبا کھیل ہی کھیل میں یا پر لطف انداز میں مختلف اقسام کے جملے شناخت کرنے کی مشق کریں۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **پڑھنا اور لکھنا:** طلبا حکمیہ جملوں کی مزید اقسام پڑھیں اور **مشق E** میں دیے گئے مختلف جملے بنانے کی مشق کریں۔ | 10 منٹ |

## سبق 3

### مقاصد:

- لحن یا ترنم کے ساتھ نظمیں پڑھنا اور حرکات کے ذریعے منظر کشی کرنا۔
- مقفّٰی یا قافیے والی نظم (Rhyme) پڑھتے وقت ان کے الفاظ شناخت کرنا۔

### نتائج:

- اس سبق کے اختتام پر طلبا کو یہ سمجھنے کے قابل ہوجانا چاہیے کہ قافیے والے الفاظ کیا ہوتے ہیں ، وہ جو قافیے والی نظم پڑھیں اس کے قافیے والے الفاظ شناخت کرسکیں اور لحن یا ترنم کے ساتھ نظمیں پڑھنے کے ساتھ مناسب حرکات سے منظر کشی بھی کر سکیں۔

### طریقۂ کار:

- **تعارف:** سبق کا آغاز طلبا سے اس سوال کے ساتھ کریں کہ انھیں نرسری کی کوئی قافیے والی نظم یاد ہے ، نرسری کی درج ذیل مقفّٰی نظم بلند آواز سے پڑھیے۔ قافیے والا ہر لفظ آنے سے پہلے رُک کر طلبا کو یہ موقع دیں کہ وہ اسے ادا کرسکیں۔

- *Baa, baa, black sheep,*
  *Have you any wool?*
  *Yes, sir, yes, sir,*
  *Three bags ___________;*
  *One for my master,*
  *And one for my dame,*
  *and one for the little boy*
  *Who lives down the ___________.*

- '*Pussycat, pussycat, where have you been?*'
  '*I've been up to London to visit the ___________.*'
  '*Pussycat, pussycat, what did you dare?*'
  '*I frightened a little mouse under her ___________.*'

  Tell your students that all nursery rhymes are fun and easy to remember because they contain *rhyming words*. The rhyming words in the above poems are: *wool full*, *dame lane*, *been queen*, *dare chair*.

- **Simple Simon met a pieman:** Read the poem 'Simple Simon met a pieman' aloud. You must read each line out loud with appropriate intonation and expression and then allow the class to repeat it. After you have finished reading, make sure your students know the meanings of all the difficult words used; *fair*, *ware*, *pieman*, *penny*. Ask the students to work in pairs and practice reciting the poem out loud with actions. Each child will recite a single line out loud alternatively.
- **Writing time:** Ask the students to continue working in pairs and finish the writing activity.
- **Twinkle, twinkle little star:** Read the poem with appropriate gestures.

  Twinkle, twinkle little star: Open and close your fingers to mimic a twinkling gesture;
  How I wonder what you are: Hold your chin with your hand in a thinking gesture;
  Up above the world so high: Point upwards at so high;
  Like a diamond in the sky: Again point to the sky.
- Allow students to memorize and practice reading the poem aloud with appropriate gestures. Divide the class into groups and then allow them to perform for the rest of the class.
- **Writing time:** Review some examples of rhyming words again and ask students to complete **Exercises A, B, C**, and **D**. Students can share their answers with the rest of the class.

- Baa, baa, black sheep,
  Have you any wool ?
  Yes, sir, Yes, sir
  Three bags ________;
  One for my master,
  And one for my dame,
  and one for the little boy
  Who lives down the _________.

- "Pussycat, pussycat, where have you been?"
  " I ve been up to London to visit the _________."
  " Pussycat, pussycat, what did you dare ? "
  I fightened a little mouse under her ________.

- طلبا کو بتایئے کہ نرسری کی تمام نظمیں پر لطف ہو یاد کرنے میں آسان ہوتی ہیں، کیونکہ ان میں ہم قافیہ الفاظ ہوتے ہیں ، درج بالا نظموں میں یہ الفاظ قافیے والے ہیں: wool - full, dame - lane, been - queen, dare - chair.
- **سیدھا سادا سائمن ایک پائی فروش سے ملتا ہے (صفحہ 12) :** نظم Simple Simon met a Pieman. با آواز بلند پڑھیے، آپ کو لازماً اس کی ہر سطر با آواز بلند اور موزوں ترنم اور تاثرات پڑھنی چاہیے۔ پھر طلبا کو نظم دہرانے کی اجازت دیجیے، یہ بات یقینی بنائیں کہ آپ کے طلبا اس میں استعمال ہونے والے تمام مشکل الفاظ کے معنیٰ جانتے ہوں، جیسے penny, pieman, ware, fair ۔ طلبا سے کہیے کہ وہ جوڑیوں میں بٹ کر حرکات کے ساتھ نظم کو بلند آواز سے پڑھنے کی مشق کریں۔ ایک کے بعد دوسرا طالب علم ایک سطر بلند آواز سے پڑھے گا۔
- **لکھنے کا وقت (صفحہ 13) :** طلبا سے کہیں کہ وہ نظم کے بارے میں صفحہ 13 پر درج لکھنے کی سرگرمی مکمل کرنے کے لیے جوڑوں کی شکل میں کام جاری رکھیں۔
- **"ٹوئنکل، ٹوئنکل لٹل اسٹار" (Twinkle,Twinkle little star)(صفحہ 14):** موزوں جسمانی اشاروں کے ساتھ نظم پڑھیے۔
"Twinkle, Twinkle Little Star" ہاتھوں کی انگلیاں کھل بند کر کے جھلملاتے ستاروں کا اشارہ کیجیے۔ "How I wonder what you are" سوچنے کے انداز میں اپنا ہاتھ ٹھوڑی (Chin) کے نیچے رکھیے۔ "Up above the world so high" لفظ "so high" پڑھتے ہوئے اوپر کی جانب اشارہ کریں۔ "Like a diamond in the sky" ایک مرتبہ پھر آسمان کی طرف اشارہ کریں۔
- طلبا کو جسم یا اعضا کے موزوں اشاروں کے ساتھ نظم کو بلند آواز سے پڑھنے اور ذہن نشین کرنے کا موقع دیں ، جماعت کو گروہوں میں تقسیم کر کے انھیں جماعت کے باقی طلبا کے سامنے کارکردگی دکھانے کا موقع دیں۔
- **لکھنے کا وقت: (صفحہ 15)** ہم قافیہ الفاظ کی چند مثالوں کا اعادہ کریں اور طلبا سے صفحہ 15 پر موجود مشق C, B, A اور D مکمل کرنے کے لیے کہیں، طلبا اپنے جوابات سے باقی جماعت کو بھی آگاہ کر سکتے ہیں۔

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students learn to identify rhyming words through nursery rhymes. | 5 min |
| 2. | **Reading – Simple Simon met a pieman:** Students practice reading the poem with the correct intonation and gestures. | 10 min |
| 3. | **Writing time:** Students review the concepts of nouns and identify rhyming words through a short writing activity. | 10 min |
| 4. | **Reading – twinkle, twinkle little star:** Students practice reading another poem with correct intonation and gestures. | 10 min |
| 5. | **Writing time:** Students continue practicing rhyming words with this writing activity. | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

Ask students to write short poems on simple subjects like: ‘My cat’, ‘Mom’, ‘Sunny Day’, etc.

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف :** نرسری کی قافیے والی نظموں کے ذریعے طلبا قافیے والے الفاظ شناخت کرنا سیکھتے ہیں۔ | 5 منٹ |
| 2۔ | **پڑھنے کی مشق:** سادہ لوح سائمن پائی فروش سے ملتا ہے : طلبا درست ترنم اور اعضا کی حرکات کے ساتھ نظم پڑھنے کی مشق کریں۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **لکھنے کا وقت:** لکھنے کی ایک چھوٹی سی سرگرمی کے ذریعے طلبا اسما کے مفاہیم کا اعادہ اور قافیے والے الفاظ کی شناخت کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **پڑھنے کی مشق۔ٹوئنکل،ٹوئنکل لٹل اسٹار :** طلبا درست ترنم اور اعضا کی حرکات کے ساتھ ایک اور نظم پڑھیں۔ | 10 منٹ |
| 5۔ | **لکھنے کا وقت :** طلبا لکھنے کی اس سرگرمی کے ذریعے قافیے والے الفاظ کی مشق جاری رکھیں۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

شاعری کا لطف اٹھایئے، طلبا سے کہیں کہ وہ سادہ سے عنوانات جیسے My cat, Mom, Sunny Day وغیرہ پر مختصر نظمیں لکھیں۔

## Answer key for Unit 1

**Writing time – Ramazan**

A. 1. The teacher asked students about the lessons they had learnt from Hazrat Muhammad's رَسُولُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ life.

2. Some good deed done by students during Ramazan are: they shared pocket money with and donated clothes to the poor.

**Writing time – Let us read a story**

A. 1. S – A – B 2. D – J 3. S 4. S – G – L

B. Monday – Ahsan – Bilal – Islamabad – Saturday – Rawalpindi – Mrs Ahmed – December – Peshawar

C. 1. full stop 2. full stop 3. question mark
4. question mark 5. question mark 6. full stop

D. 2. Mateen is going to buy apples, oranges, peaches, and grapes.
3. I have put pencils, pens, erasers, and books in my school bag.
4. Sara saw lions, tigers, elephants, and zebras in the zoo.

**Writing time**

A. 1. fair 2. pieman 3. taste 4. penny 5. penny
B. nouns: Simon, pieman, fair, ware, penny

**Vocabulary**

A. Pieman: a man who sells pies – ware: things – penny: coin
B. Rhyming words: Simon, pieman – fair, ware – penny, any

**Activity time**

Capitalization: Twinkle, How, Up, Like
Commas: after Twinkle, star and high
Full stop: after are
Exclamation mark: after sky

**Writing time**

A. far – tar – jar – car – bar
B. my – by – cry – eye – pie – why

## یونٹ 2 کے جوابات

### صفحہ 8، 9 اور 10: لکھنے کا وقت

A. 1. S - A - B
   2. D - J
   3. S
   4. S - G - L

B. Monday - Ahsan - Bilal - Islamabad - Saturday - Rawalpindi - Mrs Ahmed - December - Peshawar

C. 1. full stop
   2. full stop
   3. question mark
   4. question mark
   5. question mark
   6. full stop

D. 2. Mateen is going to buy apples, oranges, peaches, and grapes.
   3. I have put pencils, pens, erasers, and books in my school bag.
   4. Sara saw lions, tigers, elephants, and zebras in the zoo.

### صفحہ 13: لکھنے کا وقت

A. 1. fair 2. pieman 3. taste 4. penny 5. penny

B. nouns: Simon, pieman, fair, ware, penny

C. Pieman: a man who sells pies - ware: things - penny: coin

D. Rhyming words: Simon, pieman - fair, ware - penny, any

### صفحہ 15: لکھنے کا وقت

A. far - tar - jar - car - bar-

B. my - by - cry - eye - pie - why

# A day with Neha

## LESSON 1

**OBJECTIVES:**

- To recognize and name common naming words
- To classify nouns into different categories

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- identify and name some common and proper nouns in a sentence.
- classify nouns in different categories.

**METHOD:**

- **Introduction:** Introduce your students to the concept of nouns through a fun activity. Tell them to look around and write down the names of everything they see. Ask each student to read the names of at least five of these items aloud. For example, a student's list might include: blackboard, fan, chairs, desk, teacher, Sana, Ahmed, pens, posters, etc. Next, ask your students to make three columns in their exercise books and divide items in the list they have created into three categories: people, places, and things. Point out that the items they have on their list are called nouns.
- **At the park:** Now tell the students they will be visiting a park with Neha. Ask the students to read the passage given on this page. Ask questions to check comprehension. (Examples: What did Neha find in the grass? What did Neha see up in the tree? Why did Neha climb the tree? Who did the nest belong to?) After reading, repeat and list all the words underlined in the passage on the board. Tell your students that all the naming words on the board are called nouns. Ask for at least three volunteers to read the definition of a noun. Then explain once more that a noun is the name of a person, place, or thing.
- **Discussion time:** Ask each student to discuss the given questions.
  Ask each pair to then note and share their responses with the rest of the class.
- **Writing time:** Students must continue working in pairs to complete the writing task. As students work on their exercises, circulate around the classroom offering help and assistance if required.

## سبق 1

### مقاصد:

- ایک جیسے یا ملتے جلتے ناموں والے الفاظ کی شناخت کرنا اور انھیں نام دینا۔
- اسما کو مختلف درجوں میں بانٹنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ:

- جملے میں سے کچھ اسم نکرہ اور معرفہ (Common and Proper Nouns) کو نام دے سکیں۔
- مختلف زمروں میں اسم کی شناخت کر سکیں۔

### طریقۂ کار:

- **تعارف:** کسی تفریحی یا کھیل کود والی سرگرمی کے ذریعے اپنے طلبا کو اسم کے مفہوم یا معنی سے متعارف کروائیے۔ انھیں اپنے اردگرد دیکھنے اور جو چیزیں وہ دیکھیں ان تمام کے نام لکھنے کے لیے کہیے۔ ہر طالب علم سے کہیے کہ اس نے جو چیزیں دیکھی ہیں ان میں سے کم از کم پانچ کے نام بلند آواز سے پڑھے۔ مثال کے طور پر، ایک طالب علم کی فہرست میں یہ اشیا شامل ہوسکتی ہیں: تختۂ سیاہ، پنکھا، کرسیاں، ڈیسک، استاد، ثنا، احمد، قلم، پوسٹرز وغیرہ۔ پھر اپنے طلبا سے کہیے کہ وہ اپنی مشق کی کاپیوں میں تین کالم یا خانے بنائیں اور انھوں نے جو فہرست بنائی ہے اس میں موجود اشیا کو تین درجوں، یعنی لوگوں، مقامات اور اشیا میں تقسیم کریں۔ اس بات کی وضاحت کریں کہ ان کی فہرست میں جو چیزیں شامل ہیں انھیں اسم کہا جاتا ہے۔
- **پارک میں (صفحہ 1):** اب طلبا کو یہ بتائیں کہ وہ نیہا کے ساتھ ایک پارک میں جائیں گے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ اس صفحے پر درج متن کے مختصر اقتباس پڑھیں۔ ان کے فہم (یا سمجھنے) کو جانچنے کے لیے سوالات کیجیے۔ (مثالیں: نیہا نے گھاس میں کیا پایا؟ نیہا نے درخت پر کیا دیکھا؟ نیہا درخت پر کیوں چڑھی تھی؟ گھونسلا کس کا تھا یا گھونسلے سے کس کا تعلق تھا؟) طلبا کو پڑھنے کے بعد مختصر اقتباس میں موجود ایسے تمام الفاظ دہرایئے اور ان کی تختۂ سیاہ پر فہرست بنایئے جن کے نیچے لکیر موجود ہے۔ طلبا کو بتایئے کہ تختۂ سیاہ پر لکھے ہوئے ناموں والے تمام الفاظ کو اِسم کہتے ہیں۔ رضا کارانہ طور پر تیار ہونے والے کم از کم تین طلبا سے اِسم کی تعریف پڑھنے کے لیے کہیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ پھر وضاحت کریں کہ کسی شخص مقام یا شے کے نام کو اِسم کہتے ہیں۔
- **تبادلۂ خیال کا وقت (صفحہ 2):** ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ دیے گئے سوالات پر بات کرے۔ پھر طلبا کی ہر جوڑی سے کہیے کہ اس بارے میں لکھیں اور جو کچھ انھوں نے لکھا ہو اس سے جماعت کے دیگر طلبا کو بھی آگاہ کریں۔
- **لکھنے کا وقت (صفحہ 2):** لکھنے کا کام مکمل کرنے کے لیے طلبا کو لازماً جوڑیوں کی شکل میں کام جاری رکھنا چاہیے۔ جب طلبا مشق کرنے میں مصروف ہوں تو کمرۂ جماعت میں چکر لگاتے رہیے اور اگر طلبا ضرورت محسوس کریں تو ان کی مدد یا کام میں معاونت کریں۔

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| **1.** | **Introduction: Students participate in the naming activity.** | **5 min** |
| 2. | **Reading:** Students read the passage and try to understand the concept of a noun. | 15 min |
| 3. | **Discussion:** Students work in pairs and answer the discussion questions. They share their responses with the class. | 10 min |
| 4. | **Writing:** Students continue working in pairs to complete the writing task. | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

Do a noun activity with your classes. Write on the board the following headings:

- **Places I visit**

  Ask students to suggest places they go to. Build a list of such places on the board: bank, market, library, school, park, club, etc.
- **Things I see on my visit**

  Ask students to suggest the names of things they might see in the places that they visit daily. Build another list on the board: **bank** – money, cashier, guard, locks; **market** – stalls, fruits, vegetable, toys, clothes; **park** – flowers, swings, trees, etc.
- **People I go with on my visit**

  Ask students to suggest the names of people they take with them on the visit. Build a list again on the board: mother, father, sister, brother, uncle, aunt, etc.

  Next, ask each student to use the list created to write a few sentences about their visit.

  Provide an example: Yesterday I went to the bank. I saw a guard, a cashier, a teller, and some money there. I went with my father and mother.

  Ask them to underline the nouns in the sentences.

## LESSON 2

**OBJECTIVE:**

- To use words that point to something

**LEARNING OUTCOMES:**

- By the end of this lesson, students should be able to understand and use the words, *this* and *that* for objects near or far.

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ) :

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف :** طلبا چیزوں یا اشیا کو نام دینے کی سرگرمی میں شریک ہوں گے۔ | 5 منٹ |
| 2۔ | **پڑھنے کی مشق :** طلبا صفحہ 1 پر درج متن کے منتخب اقتباس پڑھیں گے اور اسم کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ | 15 منٹ |
| 3۔ | **تبادلۂ خیال:** طلبا جوڑیوں کی شکل میں کام کریں گے اور صفحہ 2 پر موجود سوالات کے جواب دیں گے۔ وہ اپنے جوابات سے جماعت کے ساتھیوں کو مطلع کریں گے۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **لکھنے کی مشق :** طلبا صفحہ 2 پر لکھنے کا کام مکمل کرنے کے لیے جوڑیوں کی شکل میں کام جاری رکھیں گے۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

اپنی اپنی جماعتوں میں طلبا کے ساتھ اسم سے متعلق سرگرمی کریں۔ بورڈ پر درج ذیل سرخیاں لکھیں :

- **مقامات ، جہاں میں جاتا ہوں :** طلبا سے ان مقامات کے بارے میں پوچھیں جہاں وہ جاتے ہیں۔ تختۂ سیاہ پر ان مقامات کی فہرست بنائیں: بینک ، بازار ، دارالمطالعہ ، اسکول ، پارک ، کلب ، وغیرہ۔
- **وہ اشیا جو میں نے اپنے دورے کے دوران دیکھیں:** طلبا ان اشیا کے نام بتائیں جو انھوں نے ایسے مقامات پر دیکھی ہوں جہاں وہ روزانہ جاتے ہیں۔ تختۂ سیاہ پر ایک اور فہرست بنائیں۔ **بینک** ...... رقم ، کیشئر ، محافظ ، تالے ۔ **مارکیٹ** ...... اسٹال ، پھل ، سبزیاں ، کھلونے ، ملبوسات۔ **پارک** ...... پھول ، جھولے ، درخت ، وغیرہ۔
- **وہ لوگ جن کے ساتھ میں باہر جاتا ہوں :** طلبا سے کہیں کہ وہ ان لوگوں کے نام بتائیں جن کے ساتھ وہ باہر یا گھومنے پھرنے جاتے ہیں۔ ایک بار پھر تختۂ سیاہ پر فہرست بنائیں۔ والد ، والدہ ، بہن ، بھائی ، انکل ، آنٹی ، وغیرہ۔

  پھر ہر طالب علم سے کہیں کہ وہ بنائی گئی فہرست کو استعمال کرتے ہوئے اپنے دورے کے بارے میں چند جملے لکھیں۔ انھیں مثال دیجیے :

  Yesterday I went to the bank. I saw a guard, a cashier, a teller, and some money there. I went with my father and mother. طلبا سے کہیں کہ جملوں میں موجود اسما کے نیچے لکیر لگائیں۔

## سبق 2

### مقصد :

- ایسے الفاظ کا استعمال جو کسی شے کی جانب اشارہ کرتے ہوں۔

### نتائج :

- اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ قریب اور دور کی چیزوں کے لیے This اور That کے الفاظ کا استعمال کرنے اور سمجھنے کے قابل ہوجائیں۔

**METHOD:**

- **Introduction:** In bold letters, write the words *this* and *that* on the board. Tell your students that these words are used to point to things.
- **Explanation:** Point to a book close to you and say, 'This is a book.' Tell your students that when they point to a thing close to them, they must use the word 'this'. Point to a book further away, and say, 'That is a book.' Tell your students that when they point to a thing far away they must use the word 'that.' Demonstrate the same concept using a few more objects, e.g. a pencil case, a chair, or a desk.
- **The Gesture Game:** Now use gestures to play a game of 'What is …?' Point to an object close to a student, for example, a chair, and ask, 'What is this?' The student must answer appropriately with, 'This is a chair.' Point to an object far away, for example, a book, and ask, 'What is that?' They must answer appropriately with, 'That is a book.' Play the same game several times, until you think all your students understand the use of the words 'this' and 'that.'
- **Reading, Near or far:** Read the sentences aloud to your students. Pause at the end of each sentence and ask your students to identify the pointing words in it. Also ask whether the word has been used to point to things near or far away.
- **Discussion time:** (Pair work) Ask students to work in pairs. They must note objects around them, and create sentences using 'this' or 'that'.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction and explanation:** Use of words *this* and *that* to point out objects near or far. | 10 min |
| 2. | **The Gesture Game:** Students play the Gesture Game | 10 min |
| 3. | **Reading:** Students listen to the sentences and answer questions based on them. | 10 min |
| 4. | **Discussion time:** Students work in pairs to create sentences beginning with *this* and *that.* | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

Ask students to play the pointing game. The class will be divided into two groups. A student from Group A will point to an object near or far. Members of Group B will raise their hands and volunteer to create a sentence using the appropriate demonstrative pronoun for that object. For example, if a member of Group A points to the duster near him, Group B will have to answer with, 'This is a duster.' Next it will be Group B's turn to point and Group A's turn to answer. Award points for correct answers and decide the winning team at the end.

## طریقۂ کار:

- **تعارف:** بورڈ پر جلی حروف میں This اور That کے الفاظ لکھیں۔ طلبا کو بتائیں کہ یہ الفاظ اشیا کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔
- **وضاحت:** اپنے قریب موجود کتاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہیے "This is a book." ۔ طلبا کو بتائیں کہ جب وہ اپنے قریب موجود کسی شے کی جانب اشارہ کریں تو انھیں لازماً This کا لفظ استعمال کرنا چاہیے۔ خود سے تھوڑے فاصلے پر موجود کتاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہیے، "That is a book." ۔ طلبا کو بتائیے کہ جب وہ دور موجود کسی شے کی جانب اشارہ کریں تو انھیں لازماً That کا لفظ استعمال کرنا چاہیے۔ اسی مفہوم کو عملاً واضح کرنے کے لیے چند مزید اشیا کا استعمال کریں۔ مثلاً پنسل رکھنے والی ایک ڈبیہ، ایک کرسی یا ایک ڈیسک ۔
- **اشاروں کا کھیل:** اشارے استعمال کرتے ہوئے "?..... What is" کا ایک کھیل کھیلیں۔ کسی طالب علم کے قریب موجود کسی شے، مثلاً ایک کرسی، کی جانب اشارہ کریں اور پوچھیں، "?What is this" اس طالب علم کو لازماً موزوں جواب دینا چاہیے، "This is a chair" ۔ دور موجود کسی شے، مثلاً ایک کتاب کی جانب اشارہ کریں اور پوچھیں، "?What is that" انھیں لازماً یہ موزوں جواب دینا چاہیے، "That is a book" ۔ یہ کھیل کئی بار کھیلیں حتیٰ کہ آپ یہ محسوس کرنے لگیں کہ اب طلبا This اور That کے الفاظ کا استعمال سمجھ چکے ہیں۔
- **پڑھنے کی مشق، قریب یا دور (صفحہ 3):** طلبا کے سامنے بہ آواز بلند جملے پڑھیں۔ ہر جملے کے اختتام پر رک جائیں اور طلبا سے ان میں موجود اشارے کرنے والے الفاظ شناخت کرنے کے لیے کہیں۔ ان سے یہ بھی پوچھیں کہ وہ لفظ قریب موجود کسی شے کی جانب اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوا ہے یا دور موجود شے کے لیے۔
- **تبادلۂ خیال کا وقت:** (جوڑیوں کی شکل میں کام) طلبا سے کہیں کہ وہ جوڑیوں کی شکل میں کام کریں۔ انھیں اپنے اردگرد موجود اشیا کو لازماً نوٹ کرنا چاہیے اور پھر This یا That استعمال کر کے جملے بنانے چاہئیں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف اور وضاحت:** قریب یا دور موجود اشیا کی جانب اشارہ کرنے کے لیے This اور That کے الفاظ کا استعمال۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **اشاروں کا کھیل:** طلبا اشاروں کا کھیل کھیلیں گے۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **پڑھنے کی مشق:** طلبا صفحہ 3 پر درج جملے سنیں گے اور ان پر مبنی سوالات کے جواب دیں گے۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **تبادلۂ خیال کا وقت:** طلبا This اور That سے شروع ہونے والے جملے بنانے کے لیے جوڑیوں میں کام کریں۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

طلبا سے اشاروں کا کھیل کھیلنے کے لیے کہیے۔ جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ گروہ الف سے تعلق رکھنے والا ایک طالب علم قریب یا دور موجود ایک شے کی جانب اشارہ کرے گا۔ گروہ ب سے تعلق رکھنے والے طلبا اپنے ہاتھ بلند کریں گے اور اس شے کی جانب اشارہ کرنے والا موزوں اِسمِ ضمیر (Pronouns) استعمال کرتے ہوئے جملہ بنانے کے لیے رضا کارانہ طور پر خود کو پیش کریں گے۔ مثلاً اگر گروہ الف کا ایک رکن قریب موجود گرد جھاڑنے والی جھاڑن یا ڈسٹر کی جانب اشارہ کرتا ہے تو گروہ ب کچھ اس طرح جواب دے گا، ''This is a duster'' ۔ پھر گروہ ب کی اشارہ کرنے کی باری آئے گی اور گروہ الف کی جواب دینے کی باری ہو گی۔ درست جوابات پر پوائنٹس یا نمبر دیجیے اور جیتنے والی ٹیم کے بارے میں فیصلہ سنائیے۔

## LESSON 3

**OBJECTIVES:**

- To build the students' communication skills and vocabulary by identifying and talking about different kinds of fruits
- To identify words that begin with consonant and vowel sounds
- To understand use of articles *a* and *an*

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- use appropriate vocabulary to identify and describe different kinds of fruit.
- distinguish between vowels and consonants and use the articles '*a*' and '*an*' appropriately.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Pictures of different fruits cut from magazines, newspapers, etc.
- Copies of **Worksheet 1**

**METHOD:**

- **Introduction – Buying fruit:** Begin the lesson by talking about your favourite fruit. Bring a picture of your favourite fruit and show it to the students. For example, you may tell them, 'This is a lemon. It is my favourite fruit. It is yellow and tastes sour.' Ask the students to describe their own favourite fruit.
- **Fruit Fest (Activity):** Show students flashcards of different fruits. Write the name of the fruit clearly on the board. You may choose an apple, apricot, plum, peach, banana, strawberry, raspberry, mango, etc. Talk about different characteristics of the fruits. Ask questions about the size, shape, texture, and colour of the fruit. Repeat the name of the fruits often so that students can associate the pictures with the name.
- **Vowels and consonants:** Sing the alphabet song with your class to revise and review the letters of the alphabet. Next say, 'Now that we know all our letters, let us talk about a special group of letters called vowels.' Write the vowels in capital letters and small letters on the board:

  A E I O U
  a e i o u

  Ask each student to repeat the vowels out loud. When the student reaches *u* they will point to the next student who will repeat the vowels again. After every child has been given a chance to say their vowels out loud, the whole class will chant the vowels together.

  Tell the students that the rest of the letters of the alphabet are called consonants. Ask for volunteers to write the consonants on the board in small and capital letters.

## سبق 3

### مقاصد :

- مختلف اقسام کے پھلوں کو شناخت اور ان کے بارے میں گفتگو کرکے طلبا کی اظہار خیال کرنے کی صلاحیت اور ان کے ذخیرۂ الفاظ کو بڑھانا۔
- ان الفاظ کی شناخت بھی کرنا جومصوتے یا حروف علت (Consonants) یا حروف صحیح (Vowels) آوازوں سے شروع ہوتے ہیں۔
- جزوکلام (Articles) a اور an کا استعمال سمجھنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پرطلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ :

- مختلف اقسام کے پھلوں کو شناخت اور ان کے بارے میں کچھ یہاں کرنے کے لیے موزوں الفاظ استعمال کرسکیں۔
- مصوتے یا حروف علت (Vowels) اورحروف صحیح (Consonants) کا فرق سمجھنے اور جزوکلام (article) "a" اور"an" کومناسب طور پر استعمال کرنے کے بھی قابل ہوجانا چاہیے۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا :

- رسائل و جرائد اور اخبارات وغیرہ سے کاٹی ہوئی مختلف پھلوں کی تصاویر۔
- ورک شیٹ 1 کی نقول۔

### طریقۂ کار:

- **تعارف ، پھل خریدنا (صفحہ 4) :** سبق کا آغاز اپنے پسندیدہ پھل پر گفتگو سے کیجیے اور تصویر دکھایئے۔ مثلاً آپ بتا سکتے ہیں ، ''یہ ایک لیموں ہے۔ یہ میرا پسندیدہ پھل ہے۔ یہ پیلے رنگ کا ہے اور اس کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے۔'' طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ پھل کے بارے میں بتائیں۔
- **پھلوں کی دعوت یا میلہ (سرگرمی) :** طلبا کومختلف پھلوں کے خلاصہ کارڈز (فلیش کارڈز) دکھایئے۔ تختۂ سیاہ پر واضح الفاظ میں پھل کا نام تحریر کریں۔ پھر طلبا کوتصویر دکھایئے۔ آپ سیب ، خوبانی ، آلو بخارے ، آڑو ، کیلے ، اسٹرابری ، رس بھری اور آم وغیرہ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ جس پھل کی آپ نے تصاویر دکھائی ہوں اس کی خصوصیات کے بارے میں گفتگو کریں۔ طلبا سے اس پھل کے حجم ،شکل ، اس کی بیرونی سطح یا بناوٹ (texture) اور رنگ کے بارے میں سوالات کریں۔ وقفے وقفے سے پھل کا نام دہرائیں تاکہ طلبا تصویر کا نام کے ساتھ تعلق جوڑ سکیں۔
- **مصوتے یا حروف علت اورحروف صحیح (Vowels and Consonants) :** حروف تہجی کو دہرانے کے لیے جماعت کے ساتھ مل کر حروف تہجی پر مبنی گیت گائیں۔ پھر کہیں کہ ''اب ہم تمام حروف کو جانتے ہیں اب ہم حروف کے ایک خاص گروہ کے بارے میں بات کرتے ہیں جسے مصوتے یا حروف علت (Vowels) کہتے ہیں۔ تختۂ سیاہ پر جلی اور خفی حروف (Capital and Small Letters) میں مصوتے لکھیے۔

A E I O U

a e i o u

ہر طالب علم سے مصوتہ کو بہ آواز بلند دہرانے کے لیے کہیے۔ جب طالب علم U پر پہنچے تو وہ دوسرے کی جانب اشارہ کرے جو مصوتے کو دہرائے گا۔ جب تمام بچوں کومصوتہ بہ آواز بلند دہرانے کا موقع مل جائے تو پوری جماعت مل کر مصوتوں کو لہک لہک کر دہرائے گی۔

طلبا کو بتائیں کہ باقی حروف تہجی ،حروف صحیح کہلاتے ہیں۔ طلبا سے رضا کارانہ طور پرصوتیہ کو جلی اور خفی حروف میں بورڈ پرتحریر کرنے کو کہیں۔

Show the students flashcards of the fruits again and ask them the names of each. As they say the name out loud, ask whether it begins with a vowel or a consonant. Let different volunteers respond each time.

- **Articles:** Explain that we use ‘a’ before a word that begins with a consonant and ‘an’ before a word that begins with a vowel. List names of things beginning with vowels and consonants on the board and ask the students to add the appropriate article before them. You may also practice the use of articles by showing the students the fruit flashcards. They have to add ‘a’ or ‘an’ before the fruit’s name appropriately.
- **Reading:** Read the passage aloud. Pause on each fruit listed to talk about its size, shape, colour, taste, and texture with the class. Ask your students to draw and write the names of all the fruits just discussed in their exercise copies. Revise the concept of vowels and consonants with your class. Read aloud and list all the words and ask your students to remember to put ‘a’ before a word which starts with a consonant and ‘an’ before a word which start with a vowel.

  **Discussion time:** Ask students to work with a partner to brainstorm five words which begin with a vowel and five words which begin with a consonant.
- **Writing time:** Students can do this task individually or in pairs.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (2 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students describe their favourite fruit to their classmates. | 10 min |
| 2. | **Fruit fest:** Students identify and learn the names of different fruits. | 15 min |
| 3. | **Vowels and consonants:** Students learn the concept of vowels and consonants. | 15 min |
| 4. | **Articles:** Students learn to use the indefinite articles ‘a’ or ‘an’ appropriately. | 15 min |
| 5. | **Reading:** Students read to review the concept of vowels and consonants and articles. | 15 min |
| 6. | **Writing:** Students to complete the exercises on and practice the use of articles. | 15 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

**Fruit salad fun:** Ask students to create their own recipe for a fruit salad using their favourite fruits. They must name all the fruits they would like to add to their fruit salad. Then they must write the order in which they would add these fruits. Finally, suggest ingredients they might use to season their fruit salad, for example, sugar, salt, lemon juice, or black pepper. Tell them to draw their yummy bowl of fruit salad for the rest of the class.

طلبا کو پھلوں کے بارے میں مختصر معلومات فراہم کرنے والے خلاصہ کارڈز دوبارہ دکھائیں اور طلبا سے ان میں سے ہر پھل کا نام پوچھیں۔ جب وہ بہ آواز بلند نام بتائیں تو ان سے پوچھیں کہ وہ مصوتہ سے شروع ہوتا ہے یا صوتیہ سے۔ ہر بار مختلف طلبا کو جواب دینے کا موقع دیں۔

- **جزو کلام (Articles):** وضاحت کریں کہ ہم a کا استعمال اس لفظ سے پہلے کرتے ہیں جو حرف صحیح (Consonant) سے شروع ہوتا ہے اور an کا استعمال اس لفظ سے پہلے کرتے ہیں جو مصوتہ یا حرف علت (Vowel) سے شروع ہوتا ہے۔ بورڈ پر ان اشیا کے ناموں کی فہرست بنائیں جو مصوتہ اور صوتیہ سے شروع ہوتے ہیں اور طلبا سے کہیں کہ وہ ان سے پہلے موزوں آرٹیکلز لگائیں۔ طلبا کو پھلوں کے فلیش کارڈز دکھا کر جزو کلام (Articles) کے استعمال کی مشق کریں۔ پھلوں کے ناموں سے پہلے جہاں موزوں ہو a اور an کا اضافہ کریں۔
- **پڑھنے کی مشق (صفحہ 4):** متن سے منتخب حصے کو بہ آواز بلند پڑھیے۔ فہرست میں موجود ہر پھل کے نام پر رک کر اس کے حجم، شکل، رنگ، ذائقے اور اس کی بیرونی سطح یا بناوٹ (Texture) کے بارے میں جماعت سے گفتگو کریں۔ طلبا سے کہیں کہ ابھی جن پھلوں کے بارے میں گفتگو کی گئی ہے ان تمام پھلوں کی تصاویر وہ اپنی مشق والی کاپیوں میں بنائیں اور ان کے نام لکھیں۔ اپنی جماعت کے طلبا کے ساتھ حروف علت یا مصوتہ اور حروف صحیح کا مفہوم دہرائیں۔ صفحہ 4 پر درج تمام الفاظ کو بہ آواز بلند دہرائیں۔ ان کی فہرست بنائیں اور طلبا سے کہیں کہ وہ حروف صحیح سے شروع ہونے والے الفاظ سے پہلے "a" اور حروف علت یا مصوتہ سے شروع ہونے والے الفاظ سے پہلے an لگانا یاد رکھیں۔
- **تبادلۂ خیال کا وقت (صفحہ 4):** طلبا سے کہیں کہ وہ مل کر سوچیں اور حروف صحیح اور مصوتہ سے شروع ہونے والے پانچ پانچ الفاظ تلاش کریں۔
- **لکھنے کا وقت (صفحہ 5):** طلبا یہ کام انفرادی طور پر یا جوڑی کی شکل میں کر سکتے ہیں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 2 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** طلبا اپنی جماعت کے ساتھیوں کو اپنے پسندیدہ پھل کے بارے میں بتائیں گے۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **پھلوں کی دعوت یا میلہ:** طلبا مختلف پھلوں کی شناخت اور ان کے نام یاد کریں گے۔ | 15 منٹ |
| 3۔ | **حروف علت یا مصوتہ اور حروف صحیح:** طلبا حروف علت یا مصوتہ اور حروف صحیح کا مفہوم سمجھیں گے۔ | 15 منٹ |
| 4۔ | **جزو کلام (Articles):** طلبا جزو کلام a اور an کا موزوں استعمال سیکھیں گے۔ | 15 منٹ |
| 5۔ | **پڑھنے کی مشق:** طلبا صفحہ 4 پڑھیں تاکہ حروف علت، حروف صحیح اور جزو کلام کا مفہوم ایک بار پھر سمجھ سکیں۔ | 15 منٹ |
| 6۔ | **لکھنے کی مشق:** طلبا صفحہ 5 پر دی گئی مشقیں مکمل کریں گے اور جزو کلام استعمال کرنے کی مشق کریں گے۔ | 15 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

**پھلوں کے کچالو کے مزے:** طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ پھلوں سے کچالو بنانے کے لیے خود اپنی ترکیب وضع کریں۔ وہ اپنے کچالو میں جو بھی شامل کرنے کے لیے منتخب کریں ان تمام کے نام بتائیں۔ پھر وہ انھیں جس ترتیب سے شامل کریں گے اسے لازماً تحریر کریں گے۔ آخر میں وہ اجزا کے نام تجویز کریں جنھیں وہ اپنے پھلوں کے کچالو کو ذائقے دار بنانے کے لیے استعمال کرنا چاہیں گے۔ مثلاً شکر، نمک، لیموں کا رس یا کالی مرچ۔ ان سے کہیں کہ وہ جماعت کے باقی ساتھیوں کے لیے اپنے پھلوں کے لذیذ کچالو کو رکھنے کے لیے پیالے کی تصویر بنائیں۔

آپ جزو کلام (Articles) کو استعمال کرنے کی مشق کرنے کے لیے **ورک شیٹ 1** کی نقول بھی تیار کر سکتے ہیں۔

You may also make copies of **Worksheet 1** to practice the use of articles.

## LESSON 4

**OBJECTIVES:**

- To write numbers in words
- To change number of naming words by adding or removing *s*

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- write numbers from 1 to 10 in words.
- understand the difference between singular and plural nouns, and make singular nouns plural and vice versa by adding or removing an *s*.

**METHOD:**

- **Introduction:** Sing nursery rhymes with your class to introduce them to counting. Start with nursery rhymes which count forward, like 'One, two, Buckle my Shoe' and '1, 2, 3, 4, 5… Once I caught a fish alive.' Then sing rhymes like 'Ten Green Bottles' and 'Five Little Ducks' which count backwards.
- **'How many?' – Activity:** Write the numbers one to ten in words on the board. Give your students time to learn the spelling of the numbers one to ten. Students may do so first as a class, chanting the spellings out loud and then individually, to memorize them properly. After they do so, play a game of 'How Many?' with them. Quiz each student individually. Ask questions like, 'How many pencils do you have?' After the child answers with the number, encourage them to recite the spelling of the number aloud.
- **Singular and plural:** Write the words *Singular* and *Plural* on the board. Write *pen* and *pens* beneath singular and plural respectively. Explain that the word *singular* refers to just one. Hold up a pen and say, 'This is one pen. The word 'pen' is singular because it refers to just one.' Explain that the word *plural* refers to more than one. Hold up two pens and say, 'These are two pens. The word 'pens' is plural because it refers to more than one.' Explain that to make a singular naming word into a plural naming word, we add an *s*. Point to the *s* at the end of the word pens to make this clear. Illustrate this concept further with the help of examples given in the book. Write singular words on the board and ask students to volunteer and change them into plurals and vice versa.

  Next, tell your students they are going to visit the park with Neha. Ask them to look at the picture on this page. Let them identify all the different things that they can see in the park. Ask if they have ever visited a park themselves. Allow them to describe all the different things they have seen at the park.

## سبق 4

### مقاصد:

- اعداد کو الفاظ میں لکھنا۔
- ناموں والے یا نشاندہی کرنے والے الفاظ میں "S" کا اضافہ کرکے یا اسے ہٹا کر تعداد کو تبدیل کرنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ:

- 1 تا 10 اعداد کو لفظوں میں لکھ سکیں۔
- واحد اور جمع اسما کے درمیان فرق سمجھ سکیں اور ''S'' کا اضافہ یا اسے خارج کرکے اِسم واحد کو اِسم جمع بنا سکیں یا اس کے برعکس کرسکیں۔

### طریقۂ کار:

- **تعارف:** طلبا کو گنتی سے متعارف کرانے کے لیے اپنی جماعت کے ساتھ نرسری والی مقفّٰی نظم گایئے۔ آغاز نرسری والی ایسی مقفّٰی نظم سے کیجیے جس میں گنتی آگے بڑھتی ہے۔ جیسے ''One, two, buckle my shoe'' اور ''1, 2, 3, 4, 5.....Once I caught of fish alive''۔ پھر ایسی مقفّٰی نظم گایئے جس میں الٹی گنتی ہو۔ جیسے ''Ten green bottles'' اور ''Five little ducks''
- **''کتنی/کتنا؟''......سرگرمی:** تختۂ سیاہ پر ایک تا دس گنتی لفظوں میں لکھیے۔ طلبا کو ایک تا دس اعداد کی ہجے یاد کرنے کے لیے وقت دیجیے۔ طلبا پہلے مل کر باآواز بلند لہک لہک کر ہجے ادا کرکے یاد کرسکتے ہیں اور پھر گنتی یاد کرنے کے لیے انفرادی طور پر ہجے کرسکتے ہیں۔ جب وہ یہ کام کر چکیں تو ان کے ساتھ کتنی یا کتنا کا ایک کھیل کھیلیں۔ طلبا کے ساتھ انفرادی سطح پر کسوٹی کھیلیں۔ اس طرح کے سوالات پوچھیں۔ ''آپ کے پاس کتنی پینسلیں ہیں؟'' جب بچے عدد کی شکل میں جواب دے چکیں تو عدد کی باآواز بلند ہجے کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- **واحد اور جمع (صفحہ 6):** تختۂ سیاہ پر Singular اور Plural کے الفاظ لکھیے۔ واحد جمع کے نیچے بالترتیب pen اور pens لکھیں۔ وضاحت کریں کہ لفظ واحد صرف ایک کی طرف اشارہ کرتا ہے ایک قلم اٹھایئے اور کہیے؟ ''.This is one pen'' لفظ ''pen'' واحد ہے کیوں کہ یہ صرف ایک کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ وضاحت کریں گے لفظ plural ایک سے زائد کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ دو قلم اٹھایئے اور کہیے۔ ''These are two pens.'' لفظ ''pens'' جمع ہے کیوں کہ یہ ایک سے زائد کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ وضاحت کریں کہ کسی شے یا شخص کی جانب اشارہ کرنے والے واحد لفظ (Naming word) کی جمع بنانے کے لیے ہم اس میں ایک ''S'' کا اضافہ کرتے ہیں۔ یہ بات واضح کرنے کے لیے لفظ pens کے آخر میں استعمال ہونے والے ''S'' کی جانب اشارہ کریں۔ کتاب میں موجود مثالوں کی مدد سے یہ مفہوم مزید واضح کریں۔ بورڈ پر واحد الفاظ لکھیے اور طلبا سے کہیے کہ وہ ان الفاظ کی جمع بنائیں اور اسی طرح ان سے اس کا برعکس عمل کرنے کے لیے کہیں۔

  طلبا کو بتایئے کہ وہ نیہا کے ساتھ پارک جا رہے ہیں۔ ان سے صفحے پر بنی ہوئی تصویر دیکھنے کو کہیں۔ انھیں تصویر میں موجود ان تمام اشیا کی شناخت کرنے کا موقع دیں جو وہ ممکنہ طور پر پارک میں دیکھ سکتے ہیں۔ ان سے پوچھیں کہ کیا وہ خود کبھی کسی پارک میں گئے ہیں۔ انھیں پارک میں موجود ان تمام اشیا کی تفصیل بتانے کا موقع دیں جنھیں وہ پارک میں دیکھ چکے ہیں۔
- **لکھنے کی مشق (صفحہ 7):** طلبا مشق E اور F مکمل کریں۔

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students sing nursery rhymes to practice counting. | 10 min |
| 2. | **'How Many' Activity:** Students learn to count in words from one to ten and play a game of 'How Many?' | 10 min |
| 3. | **Singular and plural:** Students learn the concept of singular and plural nouns and practice changing singular nouns to plural and vice versa. | 10 min |
| 4. | **Reading:** Students describe a visit to a nearby park and practice counting. | 5 min |
| 5. | **Writing:** Students complete the exercises. | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

**What number am I? (Guessing game):** You may play this game in extra time. This helps students think about the order of numbers. Tell them you are thinking of a number between 1 and 10. They must guess the mysterious number you are thinking of by asking questions to which you answer a simple 'yes' or 'no.' They ask questions like, 'Is the number bigger than 8?' They may ask only five questions before they guess the correct answer.

**Singular and plural:** Students to write a list of at least five things that they see in the classroom. They may choose any object, chair, table, boy, teacher, pen, etc. Next, tell them to add the appropriate letter to make these words plural in a separate column. Each student must share their list of plural words with the rest of the class.

## Answer key for Unit 2

**Writing time – At the park**

A. 1. Neha found an egg that had fallen from its nest in the grass. She climbed the tree and put the egg back in its nest.
2. We should not abuse animals: we should not pull their tails, we should not throw stones at them and we should not steal birds' eggs.

B. 1. chair – lamp – curtains – picture – table – ball
2. flowers – trees – birds; Adjectives: beautiful-big-small-sunny-lush-fragrant

**Writing time – Buying fruit**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| A. | 1. an | 2. a | 3. an | 4. an | 5. a | |
| B. | 1. an | 2. a | 3. a | 4. an | 5. a | 6. an |
| D. | 1. three | 2. two | 3. four | 4. six | 5. seven | 6. ten |
| E. | 1. cups | 2. erasers | 3. birds | 4. pencils | 5. chairs | |

F. Animals – tigers, lions, monkeys

Fruits – apples, oranges, bananas, grapes
Birds – crows, parrots, eagles

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 1 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** طلبا گنتی کی مشق کے لیے نرسری والی مقفّیٰ نظم گائیں گے۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **''کتنا/کتنی'' سرگرمی:** طلبا ایک سے دس تک کے اعداد لفظوں میں گننا یا شمار کرنا سیکھیں اور ''کتنا/کتنی'' کا کھیل کھیلیں۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **واحد اور جمع:** طلبا واحد اور جمع اسما کا مفہوم سمجھیں اور اِسم واحد کو اِسم جمع میں یا اس کے برعکس تبدیل کریں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **پڑھنے کی مشق:** طلبا قریب واقع پارک کے دورے کی تفصیل بتائیں گے اور شمار کرنے کی مشق کریں گے۔ | 5 منٹ |
| 5۔ | **لکھنے کی مشق:** طلبا صفحہ 7 پر دی گئی مشق مکمل کریں گے۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

**میرا عدد کیا ہے؟ (بوجھنے کا کھیل):** آپ یہ کھیل کمرۂ جماعت میں کسی بھی فالتو وقت میں کھیل سکتے ہیں۔ یہ کھیل طلبا کو اعداد کی ترتیب سوچنے کے لیے مفید ہے۔ طلبا سے کہیے کہ آپ 1 سے 10 کے درمیان کسی عدد کے بارے میں سوچ رہے ہیں۔ انھیں سوالات کی مدد سے اس پر اسرار عدد کے بارے میں اندازہ لگانے کی کوشش کرنا ہوگی جو آپ سوچ رہے ہوں گے۔ ان سوالات کے جواب میں آپ صرف ''ہاں'' یا ''نہیں'' میں جواب دیں گے۔ طلبا اس طرح کے سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ ''کیا وہ عدد 8 سے بڑا ہے؟'' طلبا کو بتائیں کہ درست عدد پوچھنے سے پہلے وہ پانچ سوالات کر سکتے ہیں۔

**واحد اور جمع:** طلبا سے کہیں کہ وہ کمرۂ جماعت میں موجود اشیا، جیسے کرسی، میز، لڑکا، استاد، قلم وغیرہ میں سے کم از کم پانچ کی فہرست بنائیں۔ پھر کہیے کہ وہ ان الفاظ کی جمع بنانے کے لیے مناسب حروف تہجی لگائیں اور جمع الفاظ علیحدہ کالم میں لکھیں۔ ہر طالب علم اپنے جمع الفاظ کی فہرست دوسرے طلبا کو بتائے۔

### یونٹ 1 کے جوابات

**صفحہ 2: لکھنے کا وقت**

A. 1. chair - lamp - curtains - picture - table - ball
2. flowers - tree - birds

**صفحہ 5، 6 اور 7: لکھنے کا وقت**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| A. | 1. an | 2. a | 3. an | 4. an | 5. a | |
| B. | 1. an | 2. a | 3. a | 4. an | 5. a | 6. an |
| D. | 1. three | 2. two | 3. four | 4. six | 5. seven | 6. ten. |
| E. | 1. cups | 2. erasers | 3. birds | 4. pencils | 5. chairs | |

F. Animals - tigers, lions, monkeys
Fruits - apples, oranges, bananas, grapes
Birds - crows, parrots, eagles

# The race

## LESSON 1

**OBJECTIVES:**

- To read aloud stories, predict endings, identify, and name characters
- To respond both orally and in writing, their likes and dislikes about characters and stories
- To understand the function of question words

**LEARNING OUTCOME:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- listen to and read a simple story and talk about their characters.
- ask and answer simple questions and understand the use of question words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Charts introducing question words.

**METHOD**

- **Reading time:** Tell your students it is story time. Make story time a special time. Create a little reading corner for your class. It might be made within the classroom or in the corner of the library.

  Read the story with expression and pause at places in between to ask simple questions to check students' comprehension. Talk about the characters they have read about so far. Ask them to describe the Khargosh (hare) and the Katchwa (tortoise). Ask them to predict what might happen next in the story.
- **Activity time:** Give the students a few minutes to discuss the given questions. Next, ask them to answer the questions orally.
- **Reading time:** Continue reading the story and discuss all the events that take place. Encourage students to retell the story orally in their own words. Assign each student a reading partner. Students must now read the story to their partners and number the pictures given on page 22 in the correct order.
- **Writing time:** Read and explain the questions. Emphasize on the question words what, who, when, and where; and explain the type of information required by each question word. Ask students to work in pairs to write the answers of the question asked. After they have answered, encourage them to share their responses with the rest of the class.

## سبق 1

### مقاصد:

- بلند آواز سے کہانیاں پڑھنا، انجام کے بارے میں پیش گوئی کرنا، کرداروں کو شناخت کرنا اور نام دینا
- کہانی اور اس کے کرداروں کے بارے میں انھیں اپنی پسند کا اظہار زبانی اورتحریری، دونوں طرح سے کر کے ردِعمل کا اظہار کرنا۔
- سوالیہ الفاظ کے کام سمجھنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ:

- آسان سی کہانی کو پڑھ سکیں، اس پر غور کر سکیں اور ان کے کرداروں پر بات کر سکیں۔
- آسان سے سوالات کر سکیں، ان کے جواب دے سکیں اور سوالیہ الفاظ استعمال کرنا سمجھ سکیں

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- سوالیہ الفاظ کا تعارف پیش کرنے والے چارٹس۔

### طریقۂ کار:

- **پڑھنے کا وقت (صفحہ 16):** اپنے طلبا کو بتایئے کہ یہ کہانی کا وقت ہے، کہانی کے وقت کو کچھ خاص وقت بنا دیجیے، اپنی جماعت کے لیے ایک چھوٹی سی جگہ کو مطالعے کے لیے مخصوص کر دیجیے، یہ جگہ جماعت میں یا دارالمطالعہ کے ایک کونے میں بنائی جاسکتی ہے۔
تاثرات کے اظہار کے ساتھ کہانی پڑھتے ہوئے درمیان میں کہیں کہیں رُک جایئے تاکہ سادہ سے سوالات کر کے ان کے سمجھنے کی صلاحیت کو جانچ سکیں۔ اب تک انھوں نے جو کردار پڑھے ہیں ان کے بارے میں بات کیجیے، ان سے خرگوش اور کچھوے کے بارے میں وضاحت کرنے یا تفصیلات بتانے کے لیے کہیں، ان سے یہ پیش گوئی کرنے کے لیے کہیں کہ کہانی میں آگے کیا ہوسکتا ہے۔
- **سرگرمی کا وقت (صفحہ 16):** دیے گئے سوالات کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے بعد طلبا سے سوالات کے زبانی جواب دینے کے لیے کہیے۔
- **لکھنے کا وقت:** کہانی پڑھنے اور اس میں جو بھی موڑ آتے ہیں اس پر بات کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں۔ ہر طالب علم کے ساتھ اس کا ایک شریک مطالعہ یا ساتھی بنایئے، اب طلبا لازماً اپنے ساتھی کو کہانی پڑھ کر سنائیں گے، صفحہ 17 پر دی گئی تصاویر پر درست ترتیب سے نمبر لگائیں گے۔
- **لکھنے کا وقت (صفحہ 18):** سوالات پڑھ کر ان کی وضاحت کریں، سوالیہ الفاظ کیا، کون، کب اور کہاں پر زور دیجیے اور سوالیہ الفاظ جس قسم کی معلومات طلب کرتے ہیں ان کی وضاحت کریں، طلبا سوالات کے جواب لکھنے کے لیے جوڑیوں میں کام کریں اور جوابات اپنی جماعت کے طلبا کو بتائیں۔

- **Question words:** Introduce students to the basic question words – *who*, *when*, *where*, *what*, and *how*. If possible, create posters containing the question words, along with their use and examples for this lesson. Explain the use of each question word and then ask students to make questions beginning with these words.

  **What:** to find out about characteristics and general information.

  **Who:** Tell the student the word who requires them to identify a character or person. Ask them to think of questions beginning with 'who'.

  **When:** to find out general or specific time.

  **Where:** to find out about places.

  **How:** to find out characteristics, qualities, quantities, etc.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (For 2 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Reading time**: Students listen to and read the story, discuss the story, and complete the activity. | 20 min |
| 2. | **Story time:** Students work in groups and act out the story. | 15 min |
| 3. | **Writing time:** Students to answer the questions. | 15 min |
| 4. | **Question words:** Students are introduced to different question words and their uses. | 20 min |
| 5. | **Writing time:** Students complete exercises. | 10 min |

## EXTENDED ACTIVITIES:

**Quiz Time:**

Conduct a quiz in your class. Ask the students to suggest which question words might best be used to fill in the blanks:

1. __________ are you doing tomorrow?
2. __________ do you get up in the morning?
3. __________ is going to the park with Ahmed?
4. __________ is the book I was reading?
5. __________ is the sports day?
6. __________ is the name of that boy?
7. __________ many people were there at the fair?
8. __________ are you going to Murree?
9. __________ are you late? I have been waiting for ages.
10. __________ did it cost?

- **سوالیہ الفاظ:** طلبا کو بنیادی سوالیہ الفاظ سے متعارف کروایئے، یعنی کون، کب، کہاں، کیا اور کیسے (who, when, where, what, how) اگر ممکن ہو تو اس سبق کے لیے ایسے پوسٹرز بنایئے جو سوالیہ الفاظ، ان کے استعمال اور مثالوں پر مشتمل ہو، ہر سوالیہ لفظ کے استعمال کی وضاحت کریں اور پھر طلبا سے کہیں کہ وہ ان الفاظ سے شروع ہونے والے سوالات تیار کریں۔

**What:** مخصوص پہچان یا عمومی معلومات جاننے کے لیے۔

**Who:** طلبا کو بتائیں کہ یہ لفظ کس کردار یا شخص کی شناخت کا مطالبہ کرتا ہے، ان سے کہیں کہ وہ who سے شروع ہونے والے سوالات سوچیں۔

**When:** کوئی خاص یا عام وقت معلوم کرنے کے لیے۔

**Where:** مقامات کے بارے میں جاننے کے لیے۔

**How:** مخصوص پہچان، خصوصیات، مقداریں وغیرہ جاننے کے لیے

- **لکھنے کا وقت (صفحہ 19):** اب طلبا مشق B اور C مکمل کریں گے۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 2 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **پڑھنے کا وقت:** طلبا کہانی سنتے اور پڑھتے ہیں اور صفحہ 16 کی مشق مکمل کرتے ہیں۔ | 20 منٹ |
| 2۔ | **کہانی کا وقت:** طلبا جوڑوں کی شکل میں کام کرتے ہیں اور کہانی کو عملی جامہ پہناتے ہیں یا اس کی عملی تجسیم کرتے ہیں۔ | 15 منٹ |
| 3۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا صفحہ 18 پر موجود سوالات کے جواب دیتے ہیں | 15 منٹ |
| 4۔ | **سوالیہ الفاظ:** طلبا کو مختلف سوالیہ الفاظ اور ان کے استعمال کے متعارف کرایا جاتا ہے | 20 منٹ |
| 5۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا صفحہ 19 پر موجود مشق مکمل کرتے ہیں | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

**ذہنی آزمائش کا وقت:** اپنی جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرائیں۔ طلبا سے کہیں کہ وہ ایسے سوالیہ الفاظ تحریر کریں جنھیں درج ذیل خالی جگہیں پر کرنے کے لیے استعمال کرنا بہترین ہوگا۔

1. ________ are you doing tomorrow?
2. ________ do you get up in the morning?
3. ________ is going to the park with Ahmed?
4. ________ is the book I was reading?
5. ________ is the sports day?
6. ________ is the name of that boy?
7. ________ many people were there at the fair?
8. ________ are you going to Murree?
9. ________ are you late? I have been waiting for ages.
10. ________ did it cost?

## LESSON 2

**OBJECTIVES:**

- To change number of naming words by adding or removing *s* and *es*
- To identify words that begin or end with the same sound

**LEARNING OUTCOME:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- understand the difference between singular and plural nouns:
- make singular nouns plural and vice versa by adding or removing s and es.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Copies of **Worksheet 3**

**METHOD:**

- **Introduction:** Revise the concept of singular and plural by reminding students that singular refers to one and plural refers to more than one.

- **Explanation:** Write the following on the board:
  *Singular nouns* are nouns that name one person, one place, or one thing.

  Examples: cap, cat, bat

  *Plural nouns* are nouns that name more than one person, place, or thing.

  Examples: caps, cats, bats

  Repeat that to change most nouns from singular to plural, we add the letter *s*. But for nouns that end in *s, ss, ch, sh,* or *x*, we need to add *-es* to show more than one.

  Draw two columns on the board, ask students to name nouns that end in *s, ss, ch, sh,* or *x* on the board.

  | | | | | | |
  |---|---|---|---|---|---|
  | Singular: | bus, | glass, | dish, | box, | bench |
  | Plural: | buses, | glasses, | dishes, | boxes, | benches |

- **Reading time:** Go through the given examples. Form their plurals on the board. Repeat the rule concerning plurals once more.

- **Beginning and ending sounds.** Ask the students to think of words beginning with *sh* or ending with *ch*. Make a list of all the examples the students suggest on the board.

## سبق 2

### مقاصد:

- فرد یا اشیا کے ناموں والے الفاظ میں s اور es کا اضافہ کرکے یا انھیں خارج کر کے تعداد کو تبدیل کرنا۔
- ایک جیسی آواز دینے والے الفاظ سے شروع ہونے یا ان پر ختم ہونے والے الفاظ شناخت کرنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ :

- واحد اور جمع اسما کے درمیان فرق سمجھ سکیں۔
- اسم میں s اور es کا اضافہ کرکے یا خارج کر کے اسم واحد کو اسم جمع میں تبدیل کر سکیں یا اس کے برعکس کر سکیں۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- ورک شیٹ 3 کی نقول۔

### طریقۂ کار:

- **تعارف:** واحد اور جمع کا مفہوم دہراتے ہوئے طلبا کو یہ یاد دلائیے کہ واحد ایک کی جانب اور جمع ایک سے زائد کی جانب اشارہ کرتا ہے۔
- **وضاحت:** درج ذیل تختۂ سیاہ پر لکھیے:

واحد اسم وہ ہوتے ہیں جو ایک شخص، ایک مقام یا ایک چیز کی نشاندہی کرتے ہیں۔

مثالیں: bat, cat, cap,

اسم جمع وہ اسم ہوتے ہیں جو ایک سے زائد افراد، مقام یا چیزوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔

مثالیں: bats, cats, caps,

یہ بات دہرائیے کہ زیادہ تر اسما کو واحد سے جمع میں تبدیل کرنے کے لیے ہم حرف S کا اضافہ کرتے ہیں، لیکن ایسے اسم جن کا اختتام x, sh, ch, ss, s پر ہوتا ہے، ایک سے زیادہ کی جانب اشارہ کرنے کے لیے ہمیں ان میں es کا اضافہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، تختۂ سیاہ پر دو خانے بنائیے اور طلبا سے کہیے کہ وہ تختۂ سیاہ پر ایسے اسم لکھیں جن کے آخر میں sh, ch, ss, s یا x آتا ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد: | bench | box, | dish, | glass, | bus, |
| جمع: | benches | boxes, | dishes, | glasses, | buses, |

- **پڑھنے کا وقت (صفحہ 20):** دی گئی مثالوں کا جائزہ لیجیے۔ ان کی جمع تختۂ سیاہ پر لکھیے، جمع سے متعلق قواعد ایک بار پھر دہرائیے۔
- **آغاز اور اختتام کی آوازوں کی مشق:** طلبا سے ایسے الفاظ سوچنے کے لیے کہیں جو sh سے شروع ہوکر ch پر ختم ہوتے ہیں، تختۂ سیاہ پر ان تمام مثالوں کی فہرست بنائیے جنھیں طلبا تجویز کریں۔
- **لکھنے کا وقت (صفحہ 21):** طلبا سے مشق A، B اور C مکمل کرنے کے لیے کہیں۔

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students revise the concept of singular and plural nouns. | 5 min |
| 2. | **Explanation:** Students understand the rules to make singular nouns, ending with s, ss, sh, ch and *x*, plural. | 10 min |
| 3. | **Reading time:** Students review examples of singular and plural nouns on. | 5 min |
| 4. | **Beginning and ending sounds:** Students give words beginning with *sh* or ending with *ch*. | 10 min |
| 5. | **Writing time:** Students complete the exercises. | 10 min |

## Guess who I am:

Animal charades: Play animal charade with your class. Students mimic different animals silently before the class while their classmates guess the name of the animal. Write the names of these animals on the board and make their plurals with the help of the class.

Make copies of **Worksheet 3** for further practice.

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** طلبا اسم جمع اور اسم واحد کے مفہوم کا اعادہ کرتے ہیں۔ | 5 منٹ |
| 2۔ | **وضاحت:** طلبا ایسے اسم واحد کو جمع میں تبدیل کرنے کے قواعد سیکھتے ہیں جن کے آخر میں sh, ch, ss, s اور x آتا ہے۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا صفحہ **20** پر موجود واحد اور جمع اسما کی مثالوں کا اعادہ کرتے ہیں۔ | 5 منٹ |
| 4۔ | **آغاز اور اختتام کی آوازیں:** طلبا ایسے الفاظ بناتے ہیں جو sh سے شروع ہوتے ہیں یا ch پر ختم ہوتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 5۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا صفحہ **21** پر موجود مشقیں مکمل کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |

## بوجھو کہ میں کون ہوں (صفحہ 22):

اشاروں کے ذریعے جانوروں کو پہچاننے کا کھیل: اپنی جماعت کے ساتھ یہ کھیل کھیلیے، طلبا جماعت کے سامنے بغیر کوئی لفظ ادا کیے مختلف جانوروں کی نقل اتارتے ہیں اور ان کے ساتھ اس جانور کا نام بوجھتے ہیں۔ ان جانوروں کے نام تختۂ سیاہ پر لکھیے اور جماعت کی مدد سے ان کی جمع بنائیے۔

مزید مشق کرنے کے لیے ورک شیٹ **3** کی نقول تیار کریں۔

## Answer key for Unit 3

**Stop and discuss – Let us read a story**

A. 1. Individual answers.
   2. The animals meet in the jungle.
   3. *Khargosh* tells everybody that he can run very fast and nobody can beat him.
   4. The race starts at 10 o'clock.

**Writing time**

A. 1. Rest, fast    2. Finish, *Khargosh*

C. 1. *Khargosh* tells everybody that he can run very fast and no one can beat him.
   2. *Bhaloo*, the bear starts the race.
   3. *Katchwa* reaches the finish line at 11 o'clock.
   4. *Khargosh* was sleeping under a tree.
   5. Individual answers.

D. Those are animals.    E. Individual answers

**Syllables**

F. One-syllable words: work; up; old
   Two-syllable words: very; little; again

H. 1. Where   2. When   3. What   4. Where   5. What   6. When

**Grammar–Singular or Plural**

B. 1. This/That   2. This/That   3. These/Those   4. These/Those

**Writing time**

A. 1. benches 2. bushes 3. boxes 4. classes 5. peaches
B. shark – show – ship – shop – shawl
C. watch – match – such – touch – which
   bring – song – king – sing – long

## REVIEW TEST 1

**Answer key**

A. 1. an   2. an   3. a   4. a   5. an

C. Ahsan – Mirpur – March – He – Monday – His – Mangla Dam – Sunday

E. 1. ?   2. ?   3. .   4. ?

H. 1. chairs   2. brushes   3. matches   4. birds   5. lamps

## یونٹ 3 کے جوابات

### صفحہ 16: سرگرمی کا وقت

A. 1. Individual answers.
2. The animals meet in the jungle.
3. Khargosh tells everybody that he can run very fast and nobody can beat him.
4. The race starts at 10 o'clock.

### صفحہ 18 اور 19: لکھنے کا وقت

A. 1. Khargosh tells everybody that he can run very fast and no one can beat him.
2. Bhaloo, the bear starts the race.
3. Katchwa reaches the finish line at 11 o'clock.
4. Khargosh was sleeping under a tree.
5. All the animals clap for Katchwa and shout 'Hurrah!'
6. Individual answers.
7. Individual answers.

C. 1. Where 2. When 3. What 4. Where 5. What 6. When

### صفحہ 21: لکھنے کا وقت

A. 1. benches
2. bushes
3. boxes
4. classes
5. peaches

B. shark - show - ship - shop

C. watch - match - such - touch - which

## اعادہ ٹیسٹ 1

### جوابات

A. 1. an 2. an 3. a 4. a 5. an

C. Ahsan - Mirpur - March - Monday - His - Mangla Dam - Sunday

E. 1. ? 2. ? 3. . 4. ?

H. 1. chairs 2. brushes 3. matches 4. birds 5. lamps

# Unit 4 Colours

## LESSON 1

**OBJECTIVES:**

- To build students' communication skills and vocabulary by identifying and talking about colours
- To recite poems with actions

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- use appropriate vocabulary to identify and describe colours.
- recite different poems with actions.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- Coloured papers
- Paints
- Paper plate
- Paintbrush

**METHOD:**

- **Introduction:** To introduce the students to appropriate vocabulary bring some coloured papers to the class. Place each paper on the board and repeat its colour twice. For example, you may place the red coloured paper on the board and say aloud, 'red.' Next, ask your students to repeat the name of the colour. Do so for all the colours till you are sure they clearly know all the colours.
- **Fun with paints:** Ask your students to bring in their paintboxes, paintbrushes, a paper plate, and an empty cup or saucer for water. Start the lesson by asking your students if they have ever seen a rainbow. Tell them to open of their textbooks. They must look at the picture carefully. Tell them to note and count all the colours of the rainbow and name the colours. Read the text on this page and then ask each child to paint their own rainbow
- **Colouring activity:** Let students name and point out all the colours they know to a friend. They can then use red, blue, and yellow to complete the colouring activity.
- **Primary and secondary colours:** Ask students to identify the three basic colours (red, blue, and yellow) in their surroundings. Then tell them that all other colours are made by mixing only these basic colours. Ask them to mix different colours on the paper plate using the paint they have bought. Ask them to mix the following to get new colours: red and yellow, yellow and blue, and red and blue. Explain that red, blue, and yellow are *primary colours* and orange, purple, and green are *secondary colours*. Ask your students to complete the writing activity on.

## سبق 1

### مقاصد:

- رنگوں کے بارے میں گفتگو کرنے اور ان کی شناخت کرنے کے ذریعے طلبا کی ابلاغ کی صلاحیت اور ان کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرنا۔
- حرکات وسکنات کے ساتھ نظمیں پڑھنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ:

- رنگوں کو شناخت کرنے اور ان کے بارے میں تفصیلات بتانے کے لیے موزوں ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- حرکات وسکنات کے ساتھ مختلف نظمیں پڑھ سکیں۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- رنگین کاغذ
- رنگ
- کاغذ کی طشتری / رکابی
- پینٹ کرنے کا برش

### طریقۂ کار:

- **تعارف:** طلبا کو موزوں ذخیرہ الفاظ سے روشناس یا متعارف کرانے کے لیے اپنے ساتھ جماعت میں چند رنگین کاغذ لائیے ، ہر کاغذ کو تختۂ سیاہ یا بورڈ پر لگائیے اور اس کے رنگ کا نام دہرائیے ، مثلاً آپ سرخ کاغذ بورڈ پر لگانے کے بعد بلند آواز سے کہیے۔''سرخ''۔ پھر طلبا سے کہیے کہ وہ رنگ کا نام دہرائیں ، سارے رنگوں کے ساتھ ایسا ہی کیجیے کہ آپ کو یہ یقین ہوجائے کہ طلبا تمام رنگوں کے بارے میں جان چکے ہیں۔
- **رنگوں کے ساتھ تفریح:** طلبا سے کہیے کہ وہ اپنے ساتھ روغنی رنگوں کے ڈبے ، برش ، کاغذ کی ایک رکابی اور پانی کے لیے ایک پیالی یا طشتری لے کر آئیں ،سبق کا آغاز میں پوچھیں کہ کیا انھوں نے کبھی قوس قزح دیکھی ہے؟ طلبا نصابی کتاب کا صفحہ **25** کھول کر تصویر دیکھیں۔ ان سے کہیے کہ وہ قوس قزح کے تمام رنگوں پر توجہ دیں ، انھیں شمار کریں اور ہر رنگ کا نام بتائیں، اس صفحے پر درج متن پڑھیے اور پھر طلبا سے قوس قزح بنانے کو کہیں۔
- **رنگ کرنے کی سرگرمی (صفحہ 26) :** طلبا جن رنگوں کو جانتے ہیں اب ان میں سے ہر رنگ کا نام طلبا اپنے ایک دوست کو بتاتے اور اس کی نشاندہی کرتے ہیں ، اس کے بعد وہ رنگ کرنے یا بھرنے کی سرگرمی یا مشق مکمل کرنے کے لیے، سرخ، نیلا اور پیلا رنگ استعمال کرتے ہیں۔
- **ابتدائی یا بنیادی اور ثانوی رنگ (صفحہ 27) :** طلبا سے اپنے گرد و پیش میں موجود تین بنیادی رنگ (سرخ ، نیلا اور پیلا) شناخت کرنے کے لیے کہیں ، انھیں بتائیے کہ تمام رنگ ان تین بنیادی رنگوں کو آپس میں ملانے سے بنتے ہیں۔ ان سے کاغذ کی رکابی میں رنگ ملانے کے لیے کہیں ، ان سے سرخ اور پیلا، پیلا اور نیلا اور سرخ اور نیلا ، ملا کر نئے رنگ بنانے کو کہیں۔ وضاحت کریں کہ سرخ ، نیلے اور پیلے بنیادی رنگ ہیں اور نارنجی ، ارغوانی یا بینگنی (Purple) اور سبز ثانوی رنگ ہیں، طلبا سے کہیں کہ وہ صفحہ **27** پر دی گئی لکھنے کی سرگرمی مکمل کریں۔

- **Traffic Light:** Read the poem with the correct intonation and expression. Then read the poem a second time, pause after each line, and let the class repeat after you. Make sure your students use the correct expression and appropriate gestures as they mimic you. Let students work in pairs to practice and perform this poem. Each pair must then perform in front of the class, reading each line alternatively. After performing the poem, students can draw the traffic signal and complete the writing activity. Ask students to identify the three main colours in the poem. Introduce the concept of adjectives by explaining that the colours are describing words. They describe a noun, light, in the poem 'Traffic Lights.'

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (2 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction**: Students learn the names of different colours. | 10 min |
| 2. | **Fun with paints:** Students name and experiment with the different colours of the rainbow. | 20 min |
| 3. | **Colouring activity:** Students revise all the colours they know and complete a colouring activity. | 10 min |
| 4. | **Primary and secondary colours:** Students understand the difference between primary and secondary colours and have fun mixing colours to create new ones. | 20 min |
| 5. | **Poem:** Students learn to perform a poem with the correct expression and are introduced to the concept of adjectives. | 20 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

Play a game of 'Catch the Colour' with your class. You must name a loud and the students must run and touch an object of that colour. Name colours which students can find easily at first and then progress to other colours.

## LESSON 2

**OBJECTIVE:**

- To understand and use describing words showing quality, size, and colour

**LEARNING OUTCOMES:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- understand the concept of describing words
- use describing words to show colour, size, and quality.

- **ٹریفک کی بتیاں (صفحہ 28):** درست لحن اور تاثرات کے ساتھ نظم پڑھیے، پھر نظم کو دوسری مرتبہ پڑھیے ہر سطر کے بعد رک جائیے اور جماعت کو اسے دہرانے دیجیے، یہ یقینی بنائیں کہ طلبا آپ کی نقل کرتے ہوئے درست تاثرات کے ساتھ حرکات و سکنات کریں، اب طلبا اس نظم کی مشق کرنے اور اسے پیش کرنے کے لیے جوڑیوں میں کام کرتے ہیں، یہ بات یقینی بنائیں کہ ہر جوڑی جماعت کے سامنے اس کا مظاہرہ کرے اور ہر جوڑی نظم کی ایک ایک سطر پڑھے۔ نظم پر مظاہرہ پیش کرنے کے بعد طلبا ٹریفک سگنل کی تصویر بنائیں اور لکھنے کی مشق مکمل کریں۔ طلبا سے کہیں کہ وہ نظم میں بیان کیے گئے تین بنیادی رنگ شناخت کریں۔ طلبا کو صفت کے تصور سے متعارف کروائیں اور یہ وضاحت کریں کہ رنگ، دراصل بیانیہ یا اسم کی تعریف کرنے والے الفاظ ہوتے ہیں۔ نظم میں یہ الفاظ ''ٹریفک کی بتیوں'' میں اسم یعنی بتی کو بیان کرتے ہیں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 2 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** طلبا مختلف رنگوں کے نام سیکھتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **رنگوں کے ساتھ تفریح:** طلبا مختلف رنگوں کو نام دیتے ہیں اور قوس قزح کے مختلف رنگوں کے ساتھ تجربات کرتے ہیں۔ | 20 منٹ |
| 3۔ | **رنگ بھرنے کی سرگرمی:** طلبا جن رنگوں سے شناسا ہیں انہیں دہرائیں اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **بنیادی اور ثانوی رنگ:** طلبا بنیادی اور ثانوی رنگوں کے درمیان فرق سمجھتے ہیں اور مختلف رنگوں کو ملا کر نئے رنگ بنانے کے عمل سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ | 20 منٹ |
| 5۔ | **نظم:** طلبا درست تاثر کے ساتھ ایک نظم پیش کرنا سیکھتے ہیں اور انھیں صفت کے مفہوم سے متعارف کرایا جاتا ہے۔ | 20 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

اپنی جماعت کے ساتھ "Catch the Colour" کا کھیل کھیلیں، آپ بلند آواز سے ایک رنگ کا نام پکاریں اور جماعت اس رنگ کی کسی شے کو چھونے کے لیے دوڑتی ہے، پہلے پہل ان رنگوں کے نام لیجیے جنھیں طلبا آسانی سے تلاش کرسکیں اور پھر مزید مشکل رنگوں کی طرف بڑھیے۔

## سبق 2

### مقصد:

- معیار، جسامت اور رنگ کی طرف اشارہ کرنے والے بیانیہ (یا اسم کی صفت بیان کرنے والے) الفاظ کو سمجھنا اور انہیں استعمال کرنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ:

- بیانیہ الفاظ کا مفہوم سمجھ سکیں۔
- رنگ، جسامت اور معیار کی طرف اشارہ کرنے کے لیے بیانیہ الفاظ استعمال کرسکیں۔

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):**

- A poster of any sporting event
- Chart papers
- Copies of **Worksheet 4**

**METHOD:**

  **My class party:** Ask students to plan a class party. Tell them to plan all the events of the party in the order in which they will occur. For example, first there will be an introduction; second, a song competition; third, a snacks break; fourth, a game; and so on.

## LESSON 2

### OBJECTIVES:

- To understand and use prepositions
- To write numbers in 10s in words

**LEARNING OUTCOME:**

By the end of this lesson, students should be able to:

- understand and use prepositions of time.
- write numbers in 10s in words.

پہلا کالم پُر کرنے کے بعد طلبا سے دوسرے کالم میں ہفتے کے ایام اور مہینوں کے نام پُر کرنے کے لیے کہیے۔ ایام اور مہینوں کی درست ترتیب سے متعلق سوالات پوچھیں۔ ہفتے کا دوسرا دن کون سا ہوتا ہے؟ فروری سے پہلے کون سا مہینہ آتا ہے؟ مئی کے بعد آنے والے مہینوں کے نام بتائیں؟

- **لکھنے کا وقت:** طلبا دی گئی سرگرمیاں مکمل کرسکتے ہیں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 2 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** ایک نظم اور ایک کیلنڈر کے ذریعے طلبا کو ہفتے کے ایام سے متعارف کرایا جاتا ہے۔ | 15 منٹ |
| 2۔ | **پڑھنے کا وقت:** طلبا What do we do? والی نظم سیکھتے/سمجھتے ہیں۔ | 20 منٹ |
| 3۔ | **لکھنے کا وقت:** ہفتے کے ہر روز طلبا جو کرتے ہیں اسے وہ لکھتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **دن، مہینہ اور تاریخ:** دنوں اور مہینوں کے نام ایک کیلنڈر کی مدد سے پڑھائیے۔ | 10 منٹ |
| 5۔ | **سال کے مہینے:** متن کو پڑھنے اور لکھنے کا کام مکمل کرنا۔ | 10 منٹ |
| 6۔ | **اعدادِ ترتیبی:** دوڑ کے انعقاد کے ذریعے طلبا اعدادِ ترتیبی کا مفہوم سمجھتے ہیں۔ وہ ہفتے کے ایام اور سال کے مہینوں کو ان کی ترتیب کے مطابق مقام دینا سیکھتے ہیں۔ | 20 منٹ |
| 7۔ | **لکھنے کا وقت:** لکھنے کی مشقوں کے ذریعے طلبا اعدادِ ترتیبی، ایام اور مہینوں کی مشق کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

**میرا ہفتے کا منصوبہ:** طلبا سے کہیے کہ وہ ہفتہ واری منصوبہ بندی کے لیے خاکہ بنائیں۔ دو خانوں پر مشتمل ایک جدول بنائیے جس میں سے ایک خانہ ہفتے کے ایام اور دوسرا کرنے والے کاموں کے لیے ہو۔ اب طلبا جو کام جس ترتیب سے کرنا چاہتے ہوں اس ترتیب سے وہ خانے کو پُر کرتے ہیں۔

**میری جماعت کی پارٹی:** طلبا سے کہیے کہ وہ جماعت میں ایک تقریب منعقد کرنے کا منصوبہ بنائیں اور تقریبی سرگرمیوں کی ترتیب وار منصوبہ بندی کریں۔ مثلاً، پہلے تعارف ہوگا، پھر گانے کا مقابلہ، اس کے بعد ناشتے کا وقفہ، چوتھے مرحلے میں کھیل ہوگا اور اسی طرح مزید۔

## سبق 2

### مقاصد:

- حروفِ جار (Prepositions) کو سمجھنا اور استعمال کرنا۔
- دہائی (10s) والے اعداد کو الفاظ میں لکھنا۔

### نتائج:

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ:

- وقت سے متعلق حروفِ جار کو سمجھ سکیں اور استعمال کرسکیں۔
- دہائی والے اعداد کو الفاظ میں لکھ سکیں۔

**METHOD:**

- **Bashir:** Introduce students to *prepositions of time*. Explain that there are three prepositions they need to know: *in*, *on*, and *at*. If they refer to a longer duration of time, for example, a year, a month, or even a week, they will use the preposition *in*. For example, I was born in 1984, in July in the summer months. If they refer to a specific day they must use *on*. For example, I was born *on* the 5th of July or *on* Monday. If they refer to a specific time, they will use *at*. For example, I was born *at* 5 o'clock. Students read about Bashir and note the use of the prepositions of time *in* and *on*.
- **Short interview:** Ask your students to interview their classmates. Allow them to walk around the class and ask their friends in which year, month, and on which day they were born. Next, ask the students to complete the writing task.
- **Numbers in tens:** Students learn numbers in 10s by reading the poem aloud to a partner. They learn the numbers ten, twenty, thirty, forty, and fifty and also spell them. Next, they complete the writing activity.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (1 class period):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students learn the three main prepositions of time through examples. | 10 min |
| 2. | **Short interview:** Students interview their classmates to practice using prepositions of time. | 15 min |
| 3. | **Writing time:** Students complete the writing exercises on prepositions. | 10 min |
| 4. | **Numbers in tens:** Students work in pairs to learn counting in tens through a fun poem and do the writing task. | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

Ask students to bring in a box of toothpicks. Let students separate the toothpicks into groups of tens first and then add them up to count by tens: ten, twenty, thirty, forty, and fifty.

## طریقۂ کار:

- بشیر (صفحہ 47): طلبا کو وقت سے متعلق حروفِ جار (Prepositions) سے متعارف کرائیے۔ وضاحت کریں کہ حروفِ جار تین ہیں: on, in اور at۔ جن کے بارے میں انہیں جاننے کی ضرورت ہے۔ اگر وہ وقت کے طویل وقفے کی بات کرتے ہیں، مثلاً ایک سال، ایک مہینے یا پھر ایک ہفتے کی، تو انھیں حروف جار میں سے in استعمال کرنا ہوگا۔ مثال کے طور پر، میں 1984ء میں، موسم گرما کے مہینوں میں، جولائی میں پیدا ہوا تھا (.I was born in 1984, in July in the summer months)۔ اگر وہ کسی مخصوص دن کی بات کرتے ہیں تو انہیں لازماً on استعمال کرنا ہوگا۔ مثلاً میں جولائی کی 5 تاریخ کو یا پیر کے روز پیدا ہوا تھا۔ I was born on the 5th of July or on) (.Monday اگر وہ کسی خاص وقت کی بات کرتے ہیں تو وہ at استعمال کریں گے۔ مثال کے طور پر، میں 5 بجے پیدا ہوا تھا۔ I was) (.born at 5 o'clock۔ طلبا بشیر کے بارے میں پڑھتے ہیں اور وقت سے متعلق حروفِ جار in اور on کا استعمال ذہن نشین کرتے ہیں۔
- مختصر انٹرویو: طلبا سے کہیے کہ وہ اپنی جماعت کے ساتھیوں کا انٹرویو لیں۔ انہیں جماعت میں چکر لگانے اور اپنے ساتھیوں سے یہ پوچھنے کی اجازت دیجیے کہ وہ کس سال اور مہینے میں اور کس روز پیدا ہوئے تھے۔ انہیں ملنے والے جوابات مختصر جملوں میں تحریر کرنے چاہئیں۔ اب طلبا سے لکھنے کا کام مکمل کرنے کے لیے کہیے۔
- دہائی والے اعداد (صفحہ 48): طلبا ساتھی کے ساتھ مل کر نظم پڑھنے کے ذریعے دہائی والے اعداد سیکھتے/سمجھتے ہیں۔ وہ دس، بیس، تیس، چالیس اور پچاس والے اعداد سمجھتے ہیں اور ان کی ہجے بھی کرتے ہیں۔ اگلے مرحلے میں انہیں لکھنے والی سرگرمی لازماً مکمل کرنی چاہیے۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کا 1 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | تعارف: طلبا مثالوں کی مدد سے وقت کے تین مرکزی حروفِ جار (Prepositions) سیکھتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | مختصر انٹرویو: وقت سے متعلق حروفِ جار کے استعمال کی مشق کرنے کے لیے طلبا جماعت کے ساتھیوں کا انٹرویو کرتے ہیں۔ | 15 منٹ |
| 3۔ | لکھنے کا وقت: طلبا حروفِ جار کی لکھنے والی مشقیں مکمل کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | دہائی والے اعداد: طلبا ایک دلچسپ نظم کے ذریعے دہائیوں میں گنتا سیکھنے کے لیے جوڑیوں کی شکل میں کام کرتے ہیں اور لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

طلبا سے اپنے ساتھ خلال (Tooth Picks) کا ڈبہ لانے کے لیے کہیے۔ اب طلبا پہلے خلال کو دس دس کے گروہوں میں علیحدہ کرتے ہیں اور پھر ان میں دہائیوں کے حساب سے اضافہ کرتے ہیں، دس، بیس، تیس، چالیس اور پچاس۔

## Answer key for Unit 6

**Writing time – Neha is writing her diary**

A. **Sample paragraph**

*Dear Diary,*

*Our teacher took us to the school nursery today. It is a beautiful place. There are many trees and a bird cage. There were many types of colourful parrots in the cage. I enjoyed giving them grains. I hope to visit the nursery again soon.*

*Rida*

**Writing time – What do we do?**

A. one two three four five six seven eight nine ten

B. **Sample answers**

*On Monday, I wake up early on enjoy a delicious breakfast of pancakes.*
*On Tuesday, I enjoy singing and dancing to nursery rhymes in Music class.*
*On Wednesday, I enjoy experiments given in Science class.*
*On Thursday, I enjoy playing football in games period.*
*On Friday, my family and I order pizza and watch a movie.*
*On Saturday, my family and I have a picnic at the park.*
*On Sunday, my family and I spend the day the beach.*

**Writing time – Months in a year**

A. 1. January 2. March 3. September 4. Friday 5. Wednesday

B. 1. first 2. second 3. third 4. fourth 5. fifth
6. sixth 7. seventh 8. eighth 9. ninth 10. tenth

C.

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | First | January | 7. | Seventh | July |
| 2. | Second | February | 8. | Eighth | August |
| 3. | Third | March | 9. | Ninth | September |
| 4. | Fourth | April | 10. | Tenth | October |
| 5. | Fifth | May | 11. | Eleventh | November |
| 6. | Sixth | June | 12. | Twelfth | December |

**Writing time – Bashir**

A. 1. on 2. in 3. in 4. on 5. on 6. in 7. in

**Writing time – I can see**

A. 1. twenty 2. forty 3. ten 4. fifty 5. thirty
B. 1. ten 2. fifty 3. twenty 4. forty 5. thirty

**Consonant Clusters**

B. **gr**ass **gr**ound **st**ool **st**op **st**all **sp**oon **sp**oil **sp**in

## یونٹ 6 کے جوابات

### صفحہ 45 اور 46: لکھنے کا وقت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A. | 1. January | 2. March | 3. September | 4. Friday | 5. Wednesday |
| B. | 1. first | 2. second | 3. third | 4. fourth | 5. fifth |
| | 6. sixth | 7. seventh | 8. eight | 9. ninth | 10. tenth |

C.

| | | |
|---|---|---|
| 1. | First | January |
| 2. | Second | February |
| 3. | Third | March |
| 4. | Fourth | April |
| 5. | Fifth | May |
| 6. | Sixth | June |
| 7. | Seventh | July |
| 8. | Eight | August |
| 9. | Ninth | September |
| 10. | Tenth | October |
| 11. | Eleventh | November |
| 12. | Twelfth | December |

### صفحہ 47: لکھنے کا وقت

A. 1. on 2. in 3. in 4. on 5. on 6. in 7. in

### صفحہ 48: لکھنے کا وقت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A. | 1. twenty | 2. forty | 3. ten | 4. fifty | 5. thirty |
| B. | 1. ten | 2. fifty | 3. twenty | 4. forty | 5. thirty |

## اعادہ ٹیسٹ 2

### جوابات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A. | 1. late | 2. white | 3. sad | 4. short | 5. cold |
| B. | 1. He | 2. They | 3. She | | |
| C. | 1. Monday | 2. Thursday | 3. March | | |
| D. | 1. first | 2. second | 3. third | | |
| E. | 1. in | 2. above | 3. behind | 4. under | 5. on |

F. 1. a. Nasir is buying books.
b. The old lady is buying an Eid card.
c. They are at a bookstore.
d. She drops her purse.
e. Nasir picks up her purse and returns it.

2. Characters: Nasir – old lady
Setting: Bookstore

## REVIEW TEST 2

**Answer key**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A. | 1. late | 2. white | 3. sad | 4. short | 5. cold |
| B. | 1. He | 2. They | 3. She | | |
| C. | 1. Monday | 2. Thursday | 3. March | | |
| D. | 1. first | 2. second | 3. third | | |
| E. | 1. in | 2. above | 3. behind | 4. under | 5. on |

F. 1.
   a. Nasir is buying books.
   b. The old lady is buying an Eid card.
   c. They are at a bookstore.
   d. She drops her purse.
   e. Nasir picks up her purse and returns it.

G. This is Nadia. She likes **apples**, **oranges**, and **bananas**. She also likes going to the **park**. **Nadia** is happy at the **park**.

# Letter from Murree

## LESSON 1

### OBJECTIVES:

- To understand and use verbs
- To read the time on a clock

### LEARNING OUTCOME:

By the end of this lesson, students should be able to:

- understand and use verbs in the present continuous tense.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):

- A large wall clock

### METHOD:

- **Introduction:** Take the students outdoors and allow them to play. As they play, move amongst the different groups and ask, what they are doing? Allow them to answer with the appropriate verb; running, skipping, chasing, jumping, swinging, building, etc. before telling them that they have just mentioned verbs. Tell them that a verb is a word that tells us what somebody is doing. In other words, verbs are action words.
- **What are Verbs?** Take the students back to the class and explain the definition of a verb again with the help of examples. Tell them that clearly, 'verbs tell us what somebody is *doing*.' Write simple sentences on the board and tell your students to point out the verbs.

  For example:

  Ali is cleaning his room.

  Ahmed is cutting vegetables.

  Neha is playing with her doll house.

  Allow volunteers to point out that cleaning, cutting, and playing are verbs. They are actions and tell us what somebody is doing.
- **Letter from Murree:** Ask the children to read the letter. Point out the format of the letter. Ask students to identify each of the following in the letter: the address of the sender, the date, the greeting, the main body, the closing, and the signature. Ask students to identify all the action words in the letter. Tell them that the underlined words in the letter are verbs as they tell us what Taha is doing.
- **My letter (Writing task):** Ask students to write a simple letter to a friend. This letter will start with the greeting and end with the closing remark and signature. They can tell their friend what they did in their summer holidays. Ask them to write at least four sentences about different things that they did during their summer vacations. Afterwards, allow students to exchange their letters with a partner and underline all the verbs (action words) in their partner's letter.

# مری سے خط

## سبق 1

### مقاصد:

- فعل (Verb) کو سمجھنا اور استعمال کرنا۔
- گھڑی میں وقت دیکھنا۔

### نتائج :

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ :

- زمانۂ حال جاری (Present Continuous tense) میں فعل کو سمجھ سکیں اور استعمال کرسکیں۔

### تدریس کے لیے امدادی اشیا :

ایک بڑی دیوار گیر گھڑی

### طریقۂ کار :

- **تعارف :** طلبا کو باہر لے جائیں اور انہیں کھیلنے کی اجازت دیں۔ جب وہ کھیل رہے ہوں تو مختلف گروہوں کے پاس جائیں اور وہ کیا کر رہے ہیں؟ انہیں موزوں فعل مثلاً دوڑنا ، رسی کودنا یا اچھلنا کودنا ، تعاقب کرنا ، چھلانگیں لگانا ، جھولا جھولنا ، کچھ بنانا ، وغیرہ کے ساتھ جواب دینے کا موقع دیں۔ انہیں یہ بتانے سے پہلے کہ انہوں نے دراصل افعال ہی بیان کیے ہیں۔ یہ بتایئے کہ فعل دراصل وہ لفظ ہوتا ہے جو ہمیں یہ بتاتا ہے کہ کوئی شخص کیا کر رہا ہے۔ دوسرے لفظوں میں افعال دراصل عمل کو ظاہر کرنے والے الفاظ ہوتے ہیں۔
- **افعال کیا ہوتے ہیں؟ :** طلبا کو کمرۂ جماعت میں واپس لے جایئے اور مثالوں کی مدد سے فعل کی تعریف دوبارہ سمجھایئے۔ انہیں واضح طور پر بتایئے: ''افعال ہمیں بتاتے ہیں کہ کوئی شخص کیا کر رہا ہے۔'' بورڈ پر آسان جملے لکھیے اور طلبا سے ان میں موجود افعال کی نشاندہی کرنے کو کہیں مثلاً :

Ali is Cleaning his room.
Ahmed is cutting vegetables.
Neha is playing with her doll house.

طلبا کو افعال cutting , cleaning اور playing کی نشاندہی کرنے اور بتانے دیں کہ یہ الفاظ عمل ہیں جو بتاتے ہیں کہ کوئی شخص کیا کر رہا ہے۔


- **مری سے خط (صفحہ 52) :** طلبا سے خط پڑھنے کو کہیں۔ خط کے انداز کی نشاندہی کریں۔ طلبا کو خط میں درج ذیل میں سے ہر ایک کی شناخت کرنے کے لیے کہیے: بھیجنے والے کا پتا ، تاریخ ، تہنیتی الفاظ ، مرکزی حصہ ، اختتامیہ اور دستخط۔ طلبا سے کہیے کہ وہ خط میں موجود عمل کو ظاہر کرنے والے تمام الفاظ کی نشاندہی کریں۔ انہیں بتایئے کہ خط میں موجود تمام خط کشیدہ الفاظ دراصل افعال ہیں کیونکہ وہ ہمیں بتاتے ہیں کہ طٰہٰ کیا کر رہا ہے۔
- **میرا خط (لکھنے کا کام) :** طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے دوست کو سادہ خط لکھیں۔ یہ خط تہنیتی الفاظ کے ساتھ شروع ہو کر اختتامی کلمات اور دستخط پر ختم ہوگا۔ وہ اپنے دوست کو بتائیں کہ گرمیوں کی چھٹیوں میں انہوں نے کیا کیا۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں ان کی جو مختلف سرگرمیاں رہی ہیں ان کے بارے میں وہ کم از کم چار جملے لکھیں۔ پھر انہیں خط کا اپنے ساتھی کے خط سے تبادلہ کرنے اور اس میں موجود تمام افعال کو خط کشیدہ کرنے کا موقع دیں۔

- **Writing time:** Ask students to complete the writing exercise.
- **Telling the Time:** Teach your students how to read the time. Bring a large wall clock to class.
  1. Point out the hands of the clock. Tell your students that the hour hand is the shorter hand and the minute hand is the longer one. While explaining this, point to the hour, minute, and second hands clearly to help students recognize these.
  2. Next, move onto the clock's face. Tell your students there are twenty-four hours in a day. To complete a full day, the hour hand will move twice around the clock's face. Point out each number on the clock's face starting with 12 and moving clockwise. Let students read these numbers aloud for a second and third time to practice. Now point out that the clock's hands always move in this same direction.
  3. Now teach students to identify each hour on the clock's face. Use the board to draw 12 different clocks so you'll have a picture of each hour (with the minute hand always on 12). An alternative is to use the stopped wall clock by turning the hour hand to each new hour. Students can read the number the hour hand points to, and tell the time.
  4. After students can read each hour on a clock, ask them to draw 12 different clocks to show the twelve different hours during the day.
- **My timetable:** Use the board to list the following six activities:
  1. Brushing my teeth
  2. Going to school
  3. Eating lunch
  4. Doing home work
  5. Watching television
  6. Sleeping


Tell your students they are going to create their personal picture timetable. Give each child ¼ of a chart paper to create their timetable. They can give the heading 'My timetable', list each of the above activity, and draw a picture to illustrate the activity. Next, ask them to write the time at which they perform the activity daily and draw a clock to illustrate this time.

For example:

1. **My Time Table**



Brushing my Teeth




I brush my teeth at 6 o'clock.


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

- **لکھنے کا وقت (صفحہ 52) :** طلبا سے لکھنے کی مشق مکمل کرنے کے لیے کہیے۔
- **وقت بتانا :** طلبا کو وقت بتانا سکھائیں۔ کمرۂ جماعت میں بڑی دیوار گیر گھڑی (wall clock) لائیے۔

1۔ گھڑی کی سوئیوں کی نشاندہی کریں۔ طلبا کو بتائیے کہ گھنٹے والی سوئی چھوٹی اور منٹ والی بڑی یا لمبی ہوتی ہے۔ یہ وضاحت کرتے ہوئے گھنٹے، منٹ اور سیکنڈ والی سوئیوں کی واضح طور پر نشاندہی کریں تاکہ طلبا کو انھیں پہچاننے میں مدد مل سکے۔

2۔ پھر گھڑی کے سامنے والے حصے کی بات کریں۔ طلبا کو بتائیے کہ ایک دن میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔ ایک پورا دن مکمل کرنے کے لیے گھنٹے والی سوئی گھڑی میں دو چکر مکمل کرتی ہے۔ 12 سے شروع کرکے گھڑی کی سوئیوں کی حرکت کرنے کی سمت میں آگے بڑھتے ہوئے گھڑی پر موجود اعداد کی نشاندہی کریں۔ طلبا مشق کرنے کے لیے یہ اعداد با آوازِ بلند دو تین مرتبہ پڑھیں۔ بتائیں کہ گھڑی کی سوئیاں اسی سمت میں حرکت کرتی ہیں۔

3۔ طلبا کو گزرنے والے ہر گھنٹے کا گھڑی میں پتا لگانا سکھائیے۔ 12 مختلف گھڑیوں کی اشکال بنانے کے لیے بورڈ استعمال کریں کہ اس طرح آپ کے پاس ہر گھنٹے کی نشاندہی کرنے والی تصویر ہوگی (جن میں منٹ والی سوئی ہمیشہ 12 کے ہندسے پر ہوگی)۔ اس کا متبادل رکی ہوئی دیوار گیر گھڑی کا استعمال ہے جس میں گھنٹے والی سوئی کو حرکت دے کر گزرنے والے ایک اور گھنٹے کی نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ طلبا گھڑی سے پڑھ کر وقت بتا سکتے ہیں۔


4۔ جب طلبا گھڑی میں ہر گزرنے والے گھنٹے کو دیکھنے کے قابل ہوجائیں تو ان سے کہیے کہ وہ دن میں گزرنے والے بارہ مختلف گھنٹوں کو ظاہر کرنے کے لیے 12 مختلف گھڑیوں کی اشکال بنائیں۔

- **میرا نقشۂ اوقات :** درج ذیل چھ سرگرمیوں کی فہرست بنانے کے لیے بورڈ استعمال کریں۔


| | |
|---|---|
| 1 ۔ اپنے دانت صاف کرنا۔ | 2 ۔ اسکول جانا۔ |
| 3 ۔ دن کا کھانا کھانا۔ | 4 ۔ اسکول سے گھر کے لیے ملنے والا کام کرنا۔ |
| 5 ۔ ٹیلی ویژن دیکھنا۔ | 6 ۔ سونا۔ |

طلبا کو بتائیے کہ وہ اپنا با تصویر نقشۂ اوقات بنانے جارہے ہیں۔ طلبا کو اپنا نقشۂ اوقات بنانے کے لیے چارٹ پیپر کا 1/4 حصہ دیجیے۔ اس پر وہ ''میرا نقشۂ اوقات'' کی سرخی لگا سکتے ہیں۔ درج بالا تمام سرگرمیوں کی فہرست شامل کریں اور سرگرمی کی وضاحت کرنے کے لیے ایک تصویر بنائیں۔ پھر ان سے کہیے کہ وہ روزانہ جس وقت پر مذکورہ کام کرتے ہیں اس کا وقت لکھیں اور اس کی وضاحت کے لیے گھڑی کی شکل بنائیں۔
مثال کے طور پر:

My Time Table (میرا نقشۂ اوقات)



دانت مانجھنا۔



میں 6 بجے اپنے دانت مانجھتا ہوں۔

Let students underline the verbs on their chart and display the students' work on the class board.

- **Reading time:** Tell students that they will now find out more about Nasir's daily activities. Ask them to read about Nasir's daily activities to a partner. Tell them to note the different times at which Nasir performs these activities. After they have read the text, ask the class simple questions to check their comprehension.
- **What is happening?:**Tell students to note that the words wash, go, help, eat, play, and sleep are action words or *verbs*. We use the *verb + ing* for actions that are happening at the moment of speaking. Play a game of 'What is happening?' with your class. Select a student from your class. Whisper an action word to them, for example 'sleeping'. The student must act out this action for the rest of the class. Ask the class, 'What is happening?' and let them guess the action being performed. For example, they will say, 'He is sleeping.'

  Play this game till students clearly understand that the actions happening at the moment are expressed by adding *–ing* to a verb. Students to then work in pairs to complete the discussion activity and writing exercises of their textbook.

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (3 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students are taken outdoors to be introduced to the concept of verbs. | 10 min |
| 2. | **Verbs:** Back in the classroom, students learn to define and identify verbs. | 10 min |
| 3. | **Reading time:** Students read the letter and identify verbs. | 10 min |
| 4. | **My letter:** Students write a letter to a friend describing their holiday activities and identify the verbs in a partner's letter. | 20 min |
| 5. | **Writing time:** Students work in pairs to complete a writing exercise. | 10 min |
| 6. | **Telling the time:** Students learn how to tell the time using a wall clock. | 10 min |
| 7. | **My timetable:** Students create their personal time table. | 30 min |
| 8. | **Reading time:** Students practice telling time and identifying verbs. Students play a game of 'What is happening?' | 10 min |
| 9. | **Writing time:** Students work in pairs to complete discussion and writing activities. | 10 min |

طلبا اپنے چارٹ پر افعال کو خط کشیدہ (Underline) کرتے ہیں اور پھر طلبا کے کام کو بورڈ آویزاں کر کے دکھائیے۔

- **پڑھنے کا وقت (صفحہ 53):** طلبا کو بتائیے کہ اب وہ ناصر کی روزانہ کی سرگرمیوں کے بارے میں مزید جانیں گے۔ ان سے کہیں کہ وہ ایک ساتھی کے ساتھ ناصر کی روزانہ کی سرگرمیاں پڑھیں۔ ان سے کہیے کہ ناصر یہ سرگرمیاں جن مختلف اوقات میں کرتا ہے وہ ان پر توجہ دیں یا انہیں ذہن نشین کریں۔ جب وہ متن پڑھ چکیں تو جماعت کی توجہ یا انہماک کو جانچنے کے لیے آسان سوالات پوچھیں۔
- **کیا ہو رہا ہے؟:** طلبا سے کہیے کہ وہ play, eat، help, go, wash اور sleep کے الفاظ پر توجہ دیں کہ یہ عمل کا ہونا ظاہر کرنے والے الفاظ (action words) یا افعال (Verbs) ہیں۔ ہم جس وقت گفتگو کر رہے ہوتے ہیں اس وقت ہونے والے عمل کے لیے verb + ing استعمال کرتے ہیں اپنی جماعت کے ساتھ ''کیا ہو رہا ہے؟'' والا کھیل کھیلیں۔ اپنی جماعت سے ایک طالب علم منتخب کیجیے۔ اس کے کان میں کسی عمل کا ہونا ظاہر کرنے والا لفظ سرگوشی کے انداز میں کہیے، مثلاً ''سونا''۔ اس طالب علم کو باقی جماعت کے سامنے یہ عمل کر کے دکھانا چاہیے۔ جماعت سے پوچھیے ''کیا ہو رہا ہے؟'' اور انہیں انجام دیے جانے والے عمل کے بارے میں اندازہ لگانے دیجیے۔ مثال کے طور پر وہ کہیں گے ''وہ سو رہا ہے'' یہ کھیل اس وقت تک جاری رکھیے جب تک وہ واضح طور پر یہ نہ سمجھ جائیں کہ اس وقت جو عمل ہو رہے ہیں ان کا اظہار فعل میں ing۔ کا اضافہ کر کے کیا گیا ہے۔ اس کے بعد طلبا اپنی نصابی کتاب کے صفحہ 54 اور 55 پر دی گئی تبادلۂ خیال کی سرگرمی اور لکھنے کی مشقیں کرنے کے لیے جوڑیوں کی شکل میں کام کرتے ہیں۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 3 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** طلبا کو افعال (Verbs) کے تصور سے متعارف کرانے کے لیے باہر لے جایا جاتا ہے۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **افعال:** کمرۂ جماعت میں واپسی، طلبا افعال کی تعریف کرنا اور انہیں شناخت کرنا سیکھتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 3۔ | **پڑھنے کا وقت:** طلبا خط پڑھتے اور افعال کی شناخت کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **میرا خط:** طلبا اپنے دوست کو خط لکھتے ہیں جس میں وہ اپنی تعطیلات کی سرگرمیاں بیان کرتے ہیں اور اپنے ساتھی کے خط میں موجود افعال کی شناخت کرتے ہیں۔ | 20 منٹ |
| 5۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا لکھنے کی مشق مکمل کرنے کے لیے جوڑیوں کی شکل میں کام کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 6۔ | **وقت بتانا:** دیوار گیر گھڑی کے استعمال کے ذریعے طلبا یہ سیکھتے ہیں کہ وقت کس طرح بتایا جاتا ہے۔ | 10 منٹ |
| 7۔ | **میرا نقشۂ اوقات:** طلبا اپنا ذاتی نقشۂ اوقات بناتے ہیں۔ | 30 منٹ |
| 8۔ | **پڑھنے کا وقت:** طلبا وقت بتانے اور افعال کو شناخت کرنے کی مشق کرتے ہیں۔ طلبا ''کیا ہو رہا ہے؟'' والا کھیل کھیلتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 9۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا تبادلۂ خیال اور لکھنے کی سرگرمی مکمل کرنے کے لیے جوڑیوں کی شکل میں کام کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |

## LESSON 2

### OBJECTIVES:

- To make simple greeting cards
- To arrange words in alphabetical order
- To write simple sentences on a given topic

### LEARNING OUTCOMES:

By the end of this lesson, students should be able to:

- create simple greeting cards.
- arrange words in alphabetical order.
- write simple sentences on a given topic.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):

- Chart papers
- Crayons

### METHOD:

- **Eid Greetings:** Ask students to share in groups, what they do on Eid day. Next, tell them to write a few sentences about how they spend their Eid and read them out to a partner.

  Tell your students that Nasir is sending his friend Talha an Eid card. They can open their textbook to see Nasir's Eid card to Talha. Ask them to design their own Eid card for a friend and write a message on it. They can use chart paper and crayons.

- **Writing time:** Ask students to work in pairs to complete the writing exercises.
- **Order of the letters:** Sing the alphabet song with your class. Ask your students to remember the order in which the letters come after one another. Quiz them by asking them short questions about the order of the letters in the alphabet. For example, you may ask: which letter comes after b; name the letter between g and i; which letter comes before z, and so on. Explain to your students that a set of words are given in alphabetical order if the first letter of the words follow the order of the alphabet. Give students groups of simple words to be arranged in alphabetical order. For example, ask them to arrange each of the following groups in alphabetical order:

  1. bee – dog – cat – ant - elephant
  2. goat – jacket – house – frog - igloo
  3. orange – net – lemon – mango – kite
  4. rocket – star – turtle – quilt – palace
  5. wallet – x-ray – yoyo – van – umbrella – zebra

- **Writing time:** Ask the students to complete the writing exercises.

# سبق 2

## مقاصد:

- سادہ سے تہنیتی کارڈ (Greeting Cards) بنانا۔
- حروفِ تہجی کی ترتیب کے لحاظ سے الفاظ کو مرتب کرنا۔
- دیے گئے موضوع پر سادہ جملے لکھنا۔

## نتائج :

اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ :

- سادہ تہنیتی کارڈ بنا سکیں۔
- الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب کے لحاظ سے مرتب کر سکیں۔
- دیے گئے موضوع پر سادہ جملے لکھ سکیں۔

## تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا :

- چارٹ پیپرز
- رنگین موی پنسلیں (Crayons)

## طریقۂ کار:

- **عید کی تہنیت (صفحہ 56) :** طلبا سے کہیے کہ وہ عید کے روز جو کچھ کرتے ہیں اس سے اپنے اپنے گروہوں کے ساتھیوں کو آگاہ کریں۔ پھر ان سے کہیے کہ وہ جس طرح عید کا دن جس طرح گزارتے ہیں اس کے بارے میں چند جملے لکھیں اور اپنے ساتھی کو پڑھ کر سنائیں۔

طلبا کو بتایئے کہ ناصر اپنے دوست طلحہ کو عید کارڈ بھیج رہا ہے۔ وہ طلحہ کو ناصر کا عید کارڈ'' دیکھنے کے لیے اپنی درسی کتاب کھول سکتے ہیں۔ طلبا سے اپنے دوست کے لیے عید کارڈ بنانے اور اس میں پیغام لکھنے کے لیے کہیے۔ کارڈ بنانے کے لیے طلبا چارٹ پیپر اور رنگین موی پنسلیں استعمال کر سکتے ہیں۔

- **لکھنے کا وقت (صفحہ 57) :** طلبا سے کہیں کہ لکھنے کی مشقیں مکمل کرنے کے لیے وہ جوڑیوں کی شکل میں کام کریں۔
- **حروف کی ترتیب (صفحہ 58 اور 59) :** اپنی جماعت کے ساتھ حروف تہجی کا گانا گایئے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ حروف تہجی کی ترتیب یاد کر لیں۔ حروف تہجی میں حروف کی ترتیب کے بارے میں ان سے مختصر سوالات کر کے کسوٹی کھیلیں۔ مثلاً آپ پوچھ سکتے ہیں: b کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟ g اور i کے درمیان میں آنے والے حرف کا نام بتایئے ، z سے پہلے کون سا حرف آتا ہے وغیرہ۔ طلبا کو سمجھائیں کہ اگر الفاظ کا پہلا حرف ، حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق ہو تو الفاظ کا مجموعہ ترتیب پا سکتا ہے۔ طلبا کے گروہوں کو آسان الفاظ دیں جنہیں حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق مرتب کیا جا سکے۔ مثلاً ان سے کہیں کہ وہ مندرجہ ذیل میں سے الفاظ کے ہر گروہ کو حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق مرتب کریں۔

1. bee - dog- cat - ant - elephant
2. goat - jacket - house - frog - igloo
3. orange - net - lemon - mango - kite
4. rocket - star - turtle - quilt - palace
5. wallet - x-ray - yoyo - van - umbrella - zebra

- **لکھنے کا وقت:** طلبا سے کہیں کہ وہ لکھنے کی مشقیں مکمل کریں۔

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (2 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Students talk about how they spent their Eid day with their classmates. | 10 min |
| 2. | **Eid Greetings:** Students design a greeting card for their friend. | 30 min |
| 3. | **Writing time:** Students work in pairs to complete the writing exercises. | 10 min |
| 4. | **Alphabetical order:** Students revise the alphabet and learn how to arrange words in alphabetical order. | 20 min |
| 5. | **Writing time:** Students do the writing task. | 10 min |

**EXTENDED ACTIVITIES:**

Write down the names of all the students on the board and arrange them in alphabetical order with the help of the class. Next, divide the class into different groups and ask all the group members to line up according to the alphabetical order. You may change the group members to keep changing the order of the students' line in each group.

## Answer key for Unit 7

**Writing time**

A. 1. sending 2. enjoying 3. cutting 4. making 5. shopping

**Discussion time – What are Nasir's daily activities?**

A. 1. Nasir is eating lunch at 2 o'clock.
2. Nasir is washing his face at 6 o'clock.
3. Nasir is sleeping at 9 o'clock.

**Writing time**

A. 1. It is 1 o'clock.
2. It is 8 o'clock.
3. It is 4 o'clock.

**Writing time**

B. 1. sitting 2. fishing 3. playing 4. eating 5. running 6. standing

**Writing time – Eid greetings**

B. sun – snake – soon – sale – sum – school

**Writing time – Order of letters**

A. 1. b 2. s 3. y – q – h – n – e, g – s, u, w – k, m
B. fat, hat, mat, Pat, rat, sat
C. 1. boat, coat, goat, moat
2. bear, dear, fear, tear

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 2 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف:** طلبا اپنے جماعت کے ساتھیوں سے گفتگو کرتے ہیں کہ وہ عید کا دن کیسے گزارتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **عید کی تہنیت:** طلبا اپنے دوست کے لیے تہنیتی کارڈ بناتے ہیں۔ | 30 منٹ |
| 3۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا لکھنے کی مشقیں کرنے کے لیے جوڑیوں کی شکل میں کام کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **حروفِ تہجی کی ترتیب:** طلبا حروفِ تہجی دہراتے ہیں اور یہ سیکھتے ہیں کہ الفاظ کو حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق کس طرح مرتب کیا جاتا ہے۔ | 20 منٹ |
| 5۔ | **لکھنے کا وقت:** طلبا لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |

## توسیعی سرگرمیاں:

تمام طلبا کے نام بورڈ پر لکھیں اور جماعت کی مدد سے انہیں حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق مرتب کریں۔ پھر جماعت کو مختلف گروہوں میں تقسیم کریں اور ان سے حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق قطار بنانے کے لیے کہیں۔ قطار کی ترتیب تبدیل کرنے کے لیے آپ گروہ کے اراکین تبدیل کر سکتے ہیں۔

### یونٹ 7 کے جوابات

**صفحہ 52: لکھنے کا وقت**

A. 1. reading 2. enjoying 3. cutting 4. making 5. shopping

**صفحہ 54: تبادلۂ خیال کا وقت**

A. 1. Nasir is eating lunch at 2 o'clock.
2. Nasir is washing his face at 6 o'clock.
3. Nasir is sleeping at 9 o'clock.

**لکھنے کا وقت**

A. 1. It is 1 o'clock. 2. It is 8 o'clock. 3. It is 4 o'clock.

**صفحہ 55: لکھنے کا وقت**

B. 1. sitting 2. fishing 3. playing 4. eating 5. running 6. standing

**صفحہ 57: لکھنے کا وقت**

B. sun - snake - soon - sale - sum - school

**صفحہ 58 اور 59: لکھنے کا وقت**

A. 1. b 2. s 3. y - q - h - n - e, g - s, u, w - k, m
B. fat, hat, mat, Pat, rat, sat
C. 1. boat, coat, goat, moat
2. bear, dear, fear, tear

## LESSON 1

### OBJECTIVES:

- To understand and respond to simple *wh*– questions
- To understand and use possessive adjectives
- To read text and answer questions

### LEARNING OUTCOME:

- By the end of this lesson, student should be able to understand and use different kinds of question words.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):

- Pictures of people from different professions

### METHOD:

- **Introduction (Question words):** To introduce your class to question words, ask them some general questions. Try to use a different question word in each question. Tell the student what kind of information is required by each question word. For example, you may ask,

  1. 'Who is the Prime Minister of Pakistan?'
     Tell your students that the information required by a 'who' question would be the name of a person.
  2. 'What is your name?'
     Tell your students that a 'what' question usually requires the name of a thing.
  3. 'When did you arrive?'
     Tell your students that 'when' questions requires time.
  4. 'Where do you live?'
     Tell your students that a 'where' question requires the name of a place.
  5. 'Why are you sad?'
     Tell your students that a 'why' question requires a reason.
  6. 'How can I cook biryani?'
     Tell your students that 'how' questions require explanation.

- **The black bird:** Ask the students to read the poem 'The Black Bird'. Choose any four students to role-play the poem. As the rest of the class reads the poem, these students may act as the king, queen, maid, and blackbird. The king can pretend to count money, the queen to eat bread and honey, the maid may pretend to hang out clothes, and the black bird would pretend to swoop down and peck at the maid. Next, divide the class into pairs and ask them to read the poem.

# سیاہ پرندہ

## سبق 1

### مقاصد:

- سادہ wh والے سوالات کو سمجھنا اور جواب دینا۔
- ملکیت ظاہر کرنے والے اسم صفت (Possessive adjective) کو سمجھنا اور استعمال کرنا۔
- متن پڑھنا اور سوالات کے جواب دینا۔

### نتائج:

- اس سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ وہ مختلف اقسام کے سوالیہ الفاظ کو سمجھ اور استعمال کرسکیں۔

### تدریس کے لیے درکار امدادی اشیا:

- مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی تصاویر۔

### طریقۂ کار:

- **تعارف (سوالیہ الفاظ):** اپنی جماعت کو سوالیہ الفاظ سے متعارف کرانے کے لیے ان سے چند عام سوالات کریں۔ ہر سوال میں مختلف سوالیہ الفاظ استعمال کرنے کی کوشش کریں۔ انہیں بتائیں کہ ہر سوالیہ لفظ کے ذریعے کس قسم کی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ مثال کے طور پر آپ پوچھ سکتے ہیں،

1۔ ''پاکستان کا وزیراعظم کون ہے؟'' طلبا کو بتائیں کہ جس سوال میں ''کون'' (who) آتا ہے اس میں درکار معلومات کسی شخص کا نام ہوسکتا ہے۔
2۔ ''تمہارا نام کیا ہے؟'' اپنے طلبا کو بتایئے کہ جس سوال میں ''کیا'' (what) آتا ہے اس میں عموماً کسی شے کا نام پوچھا گیا ہوتا ہے۔
3۔ ''تم کب آئے؟'' اپنے طلبا کو بتایئے جس سوال میں ''کب'' (when) آتا ہے اس میں وقت کے بارے میں پوچھا گیا ہوتا ہے۔
4۔ ''تم کہاں رہتے ہو؟'' اپنے طلبا کو بتایئے کہ ''کہاں'' (where) والے سوال میں کسی مقام کا نام پوچھا جاتا ہے۔
5۔ ''تم کیوں غمگین ہو؟'' اپنے طلبا کو بتایئے کہ ''کیوں'' (why) والے سوال میں کوئی وجہ پوچھی جاتی ہے۔
6۔ ''میں بریانی کیسے پکا سکتا ہوں؟'' اپنے طلبا کو بتایئے کہ ''کیسے'' (how) والے سوال میں وضاحت کرنے کے کہا جاتا ہے۔

- **سیاہ پرندہ (صفحہ 60):** طلبا سے نظم "The Black Bird" پڑھنے کے لیے کہیں۔ نظم کے کرداروں کی اداکاری کے لیے کوئی چار طلبا کا انتخاب کیجیے۔ جب باقی جماعت بلند آواز سے نظم پڑھتی ہے تو یہ طلبا ، بادشاہ ، ملکہ ، ملازمہ اور سیاہ پرندہ کا کردار ادا کرتے ہیں۔ بادشاہ کو دولت شمار کرتے ہوئے ، ملکہ کو شہد اور روٹی/ڈبل روٹی کھاتے ہوئے ، ملازم کو ملبوسات لٹکاتے ہوئے اور سیاہ پرندے کو بلندی سے جھپٹتے اور ملازمہ کو ٹھونگ مارتے ہوئے دکھایا جاسکتا ہے۔ پھر جماعت کو جوڑیوں میں تقسیم کرکے ان سے نظم پڑھنے کے لیے کہیے۔

- **Writing time:** Discuss the questions on this page. Explain again the question words. Students to then do the writing task.
- **Jack and Jill:** Divide the class into groups of four. Allow each group to perform the poem 'Jack and Jill' in front of the class. Two students from each group can read the poem and the other two can act as Jack and Jill. After the students' performances, recap that a 'who' question is used to ask about people and a 'why' question is used to ask for the reason why something happens. Allow students to answer the given questions.
- **Who are they?** Start this activity with a class discussion. Ask the students, 'What would you want to be when you grow up?' After listening to their responses, ask why have they chosen this a profession. Allow each child to answer. Cut out pictures from newspapers and magazines which depict different careers. Show these pictures and talk about different careers. For example: a teacher, an athlete, a policeman, a firefighter, a doctor, and so on. Discuss the advantages of joining each profession. Ask students to look at the pictures on this page and then answer the questions, solve the riddles as well as complete the matching activity on the next page. After they complete the matching activity, ask students questions for all the answers in Exercise D. For example, if they have completed the sentence, 'Bilal is wearing new clothes because it is Eid,' you will ask them, 'Why is Bilal wearing new clothes?'

**SUGGESTED LESSON OUTLINE (2 class periods):**

| | TASK | TIME |
|---|---|---|
| 1. | **Introduction:** Explain question words. | 10 min |
| 2. | **Read a poem:** Students read and perform the poem. | 30 min |
| 3. | **Writing time:** Students complete the writing task. | 10 min |
| 4. | **Jack and Jill:** Students read another poem and complete the task. | 15 min |
| 5. | **Who are they?** Students discuss different professions and answer questions, solve the riddles, and complete the matching activity. | 15 min |

- **لکھنے کا وقت (صفحہ 61) :** دیے گئے سوالات کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ سوالیہ الفاظ کی دوبارہ وضاحت کریں۔ پھر طلبا لکھنے کا کام کریں۔
- **جیک اور جل (صفحہ 62) :** جماعت کو چار چار کے گروہوں میں تقسیم کر دیں۔ ہر گروہ کو جماعت کے سامنے نظم ''جیک اینڈ جل'' پیش کرنے کا موقع دیجیے۔ ہر گروہ سے دو طلبا نظم پڑھ سکتے ہیں اور باقی دو جیک اور جل کے طور پر اداکاری کر سکتے ہیں۔ طلبا کی پیش کشوں کے بعد اعادہ کیجیے کہ ''کون'' (who) والا سوال لوگوں کے بارے میں پوچھنے یا معلوم کرنے کے لیے اور ''کیوں'' (why) والا سوال یہ معلوم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے کہ کیوں کوئی واقعہ یا عمل ہوتا ہے۔ طلبا کو دیے گئے سوالات کے جواب دینے کا موقع دیجیے۔
- **وہ کون ہیں؟ (صفحہ 63 اور 64) :** اس سرگرمی کا آغاز جماعت سے تبادلۂ خیال کے ساتھ کریں۔ طلبا سے پوچھیے کہ ''آپ بڑے ہوکر کیا بننا چاہتے ہیں''۔ ان کے جواب سننے کے بعد پوچھیے کہ انھوں نے وہ پیشہ کیوں منتخب کیا ہے۔ ہر بچے کو جواب دینے کا موقع دیجیے اخبارات اور رسالوں سے ایسی تصاویر کاٹ کر نکالیں جو مختلف پیشوں کی عکاسی کرتی ہوں۔ یہ تصاویر دکھایئے اور مختلف پیشوں کے بارے میں بات کریں، مثلاً: استاد، ایتھلیٹ، پولیس اہل کار، آگ بجھانے والا فائر فائٹر، ڈاکٹر، وغیرہ وغیرہ۔ ان میں سے ہر شعبہ یا پیشہ اختیار کرنے کے فوائد پر بات کریں۔ طلبا سے اس صفحے پر موجود تصاویر دیکھنے کے لیے اور پھر اگلے صفحے پر موجود سوالات کے جواب دینے، معمے حل کرنے اور یکساں تصاویر ملانے والی (matching) سرگرمی مکمل کرنے کے لیے کہیے۔ جب وہ یکساں تصاویر ملانے والی سرگرمی مکمل کر لیں تو طلبا سے مشق D میں دیے گئے تمام جوابات کے لیے سوالات کرنے کے لیے کہیں۔ مثال کے طور پر اگر وہ جملہ مکمل کر چکے ہوں کہ ''بلال نیا لباس پہن رہا ہے کیوں کہ آج عید ہے'' (Bilal is wearing new clothes because it is Eid.) تو آپ سوال کر سکتے ہیں کہ ''بلال نے نیا لباس کیوں پہنا ہے؟ (Why is Bilal wearing new clothes?)۔

## سبق کا مجوزہ خاکہ (جماعت کے 2 پیریڈ):

| | کام | وقت |
|---|---|---|
| 1۔ | **تعارف :** سوالیہ الفاظ کی وضاحت کریں۔ | 10 منٹ |
| 2۔ | **ایک نظم پڑھیے :** طلبا نظم پڑھتے اور اس پر عملی مظاہرہ کرتے ہیں | 30 منٹ |
| 3۔ | **لکھنے کا وقت :** طلبا لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ | 10 منٹ |
| 4۔ | **جیک اور جل :** طلبا ایک اور نظم پڑھتے اور کام مکمل کرتے ہیں | 15 منٹ |
| 5۔ | **وہ کون ہیں؟** طلبا مختلف پیشوں کے بارے میں تبادلۂ خیال کرتے، سوالات کے جواب دیتے، معمے حل کرتے اور یکساں تصاویر کو ملانے والی سرگرمی مکمل کرتے ہیں۔ | 15 منٹ |

## LESSON 2

### OBJECTIVES:

- To understand and use possessive adjectives
- To read text and answer questions

### LEARNING OUTCOME:

By the end of this lesson, student will be able to:

- understand and use possessive adjectives in sentences.
- read a story and answer questions related to it.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS):

- Copies of **Worksheet 6**

### METHOD:

- **Introduction:** Introduce the possessive adjectives *my*, *your*, *his*, *her*, *its*, *ours,* and *theirs* through a small activity. Bring a book to class. Point to the book and say, 'I have a book. This is **my** book.' Emphasize on the possessive adjective *my*. Repeat several times till the students can recall easily. Point to different objects around the class and introduce all the other possessive adjectives in a similar manner. Point to a student's book and say, 'You have a book. This is **your** book.' Point to a student's pen and say, 'Ahmed has a pen. This is **his** pen.' Point to a student's lunchbox and say, 'Sara has a lunchbox. This is **her** lunchbox.' Point to the class room and say, 'We have a classroom. This is **our** classroom.' Point outside the window and say, 'The school has a yard. This is **its** yard.'

- **Activity:** Continue practicing the use of possessive adjectives with the class orally. Ask questions, and allow the students to use appropriate possessive adjectives in their answers. Ask, 'Is your name Sara?' Emphasize on **your**. The student will reply with, 'No, **my** name is ______________.' Continue asking simple questions, for example 'Is her name Zara?' Allow the student to reply with, 'No, **her** name is ________________.' If the student replies incorrectly, prompt another student with the same question, till you elicit the correct answer. Ask 'Is his name Ahmed?' Wait for the appropriate answer: 'No, his name is Nabil.' Next, allow students to ask similar questions. 'Is your name Saad?', 'Is her name Mariam?', 'Is his name Kamal?'

## سبق 2

### مقاصد:

- ملکیت ظاہر کرنے والے اسم صفت کو سمجھنا اور استعمال کرنا۔
- متن کو پڑھنا اور سوالات کے جواب دینا۔

### نتائج:

